رسالة التوحید

جو

مصر کے ایک زبردست فاضل کی جدید تصنیف ہے اُس کی
بعض نہایت اہم اور پاکیزہ فصلوں کا

اردو ترجمہ

جسکو

حسب ایماے نواب محسن الملک بہادر مولوی رشید احمد صاحب
انصاری آنرزان پرشین لینگوج لٹریچر آنرزان عربک لینگوج لٹریچر
اینڈلاء نے مسلمانوں کے فائدہ کی غرض سے ترجمہ کیا اور کمیٹی دینیات
کی فرمایش سے

در مطبع احمدی علی گڈھ میں طبع ہوا

جسکو انسان اپنے نفس میں پاتا ہے اور یقین کرتا ہے کہ وہ (بالواسطہ یا بلاواسطہ) خدا کی طرف سے ہے - پہلی صورت کا انکشاف (یعنی بالواسطہ) یا تو آواز کی شکل میں متمثل ہوکر اُسکے کانوں کو محسوس ہوتا ہے یا بغیر آواز کے کسی اور ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے - وحی اور الہام میں یہ فرق ہے کہ الہام ایک وجدان ہے جسکا نفس کو یقین ہوتا ہے ، اور اُسکو امر مطلوب کی طرف میلان ہوتا ہے - مگر نفس کو یہ شعور نہیں ہوتا ہے کہ یہ وجدان کہاں سے حاصل ہوتا ہے - غرضکہ یہ وجدان بہوک - پیاس - غم اور خوشی کے وجدان سے زیادہ تر مشابہ ہوتا ہے - رہی یہ بات کہ اس قسم کا انکشاف جسکو ہمنے وحی سے تعبیر کیا ہے حاصل ہونا ممکن ہے - اور نوع انسان کی وہ مصلحتیں اور خوبیں جو عام لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہیں خدا کے کسی خاص بندہ پر منکشف ہوسکتی ہیں ، اسکا سمجھنا اور یقین کرنا صرف ایسے شخص پر دشوار ہوسکتا ہے جو سمجھنے کا ارادہ نہیں کرتا اور اپنے آپ کو صرف اسلئے سمجھدار خیال کرتا ہے کہ وہ ایسی باتوں کو نہیں سمجھتا - ہاں ہر زمانہ میں اور ہر ایک قوم میں ایسے لوگ پائے جاتے ہیں جو اپنی کم عقلی اور کم علمی کے باعث یقین کی حدود سے بہت دور جا پڑتے ہیں ، اور جو چیزیں اُنکے ظاہری حواس کے ادراک سے باہر ہوتی ہیں اُنکے وجود میں شک کرنے لگتی ہیں ، بلکہ بعض اوقات محسوسات کے وجود میں بھی اُنکو شبہ ہوجاتا ہے اور وہ اپنی اس لغزش سے بلحاظ اوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

امکان وحی

لفظ وحی سے جو معنی مراد لئے جاتے ہیں اور جس مفہوم پر اُس کا
اطلاق ہوتا ہے اول ہم اُس کی تشریح کرتے ہیں اسکے بعد ہم اس امر کی نسبت
گفتگو کرینگے کہ آیا وحی ممکن ہے یا نہیں۔ لفظ وحی کے معنی مخفی طور پر کلام کرنیکے
ہیں، جسکا اور اشخاص سے پوشیدہ رکھنا منظور ہو اور حاصل مصدر کے
طور پر اس لفظ کا اطلاق اُس خط وکتابت پر بھی ہوتا ہے جو کسی دوسرے شخص
کے آگاہ اور واقف کرنے کے لئے بھیجی جاوے۔ مگر اکثر اسکا اطلاق اُس
پیغام پر ہوتا ہے جو خدا کی طرف سے کسی پیغمبر پر نازل ہو۔ اور شرعی اصطلاح
میں وحی خدا کا وہ کلام ہے جو خدا کی طرف سے اُسکے کسی نبی پر نازل ہو،
مگر ہمارے نزدیک وحی کی تعریف یہ ہے کہ وہ ایک ایسا انکشاف ہے

یہ ایک بدیہی بات ہے کہ انسانی عقول کے درجات متفاوت اور مختلف اور ایک دوسرے سے بالاتر ہیں۔ ان میں سے ادنیٰ درجہ کی عقول کو وہ ادراک صرف اجمالی طور پر ہو سکتا ہے جو اعلیٰ درجہ کی عقول کو بسط اور تفصیل کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ انسانی عقول کا یہ تفاوت مدارج تعلیم کے تفاوت سے پیدا نہیں ہوا، بلکہ وہ فطری ہے، جس میں انسان کی کوشش اور اسکی کسب کو کچھ دخل نہیں۔ اور اس میں بھی کچھ شبہہ نہیں کہ بعض مسائل جو بعض عقلا کی نزدیک نظری ہیں انسے اعلیٰ درجہ کی عقول کے نزدیک بدیہی ہیں اور یہ مراتب درجہ بدرجہ ترقی کرتے جاتے ہیں جن کی کوئی تعداد منضبط نہیں ہو سکتی۔ اور یہ بھی مسلم ہے کہ بعض اشخاص جن کی فطری طور پر ہمتیں بلند اور نفوس عالی ہوتے ہیں اُن کو بعید الحصول باتیں قریب الحصول نظر آتی ہیں، اور کوشش کرکے اُن کو حاصل کر لیتے ہیں۔ عوام الناس ابتداءً اُنکا انکار کرتے ہیں، مگر آخر میں تعجب کرنے لگتے ہیں اور اُنکے ساتھ مانوس ہو جاتے ہیں، اور اُنکو ایسی عمدہ اور بدیہی باتیں سمجھنے لگتے ہیں جنکا انکار نہیں ہو سکتا، اور جب کوئی اُنکا انکار کرتا ہے تو اُس سے اسی طرح لڑتے جھگڑتے ہیں جس طرح ابتدا میں اُنکی طرف دعوت کرنے والے سے جھگڑتے تھے۔ اس قسم کے لوگ باوجود قلت کے آجتک ہر ایک قوم میں موجود ہیں۔

ادنیٰ حیوانات کے مرتبہ سے بھی نیچے گر جاتی ہیں - ایسے لوگ عقل اور اُس کی مخفی قوتوں کو بالکل غارت اور بیکار کر دیتے ہیں، اور اوامر اور نواہی کی قیود سے آزاد اور مطلق العنان ہو کر ایک قسم کی لذت حاصل کرتے ہیں، اور شرم وحیا کو جو نیک کاموں کی تحریک کرنے والی اور نالائق باتوں سے روکنے والی ہے خیرباد کہہ دیتے ہیں، اور بالکل حیوان بنجاتے ہیں، اور جب نبوت اور مذاہب کی نسبت انکے روبرو گفتگو کیجاتی ہے اور ان کی عقل اور روحانی قوتیں اسکے سننے کی طرف مائل ہوتی ہیں تو وہ اُنکو دباتے ہیں اور اس خوف سے کانوں میں اُنگلیاں کر لیتے ہیں کہ شاید مذہب کی تائید کرنیوالی کوئی دلیل اُنکے ذہن میں راسخ ہو جائے اور اُنکو کسی شریعت کی پیروی کرنی پڑے، جس سے وہ اپنی مطلق العنانی اور بے قیدی کی لذت سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو جائیں - یہ ایک ایسا مرض ہے جو بعض انسانی نفوس کو لاحق ہو جاتا ہے، اور صرف علم کے ذریعہ سے اس مرض سے شفا حاصل ہو سکتی ہے

میں کہتا ہوں کہ وحی میں کونسی بات ناممکن ہے؟ ہو سکتا ہے کہ ایک شخص کو بغیر کسی قسم کے غور و فکر کرنے اور مقدمات کی ترتیب دینے کی ایک بات منکشف ہو جاوے جو دوسرے کو نہو، اور اُسکو اس بات کا بھی علم ہو کہ یہ انکشاف خدا کی طرف سے ہے جو نظری اور فکری قوتوں کا عطا کرنے والا ہے -

ہونا بھی ایسی بات نہیں ہے جس میں کسی قسم کا استحالہ ہو۔ کیونکہ ہم بطور خود اپنے دلوں
میں سمجھتے ہیں اور یقین کرتے ہیں اور قدیم و جدید علوم نے بھی ہمکو بتلا دیا ہے کہ
بعض موجودات ایسی بھی ہیں جو زیادہ لطیف ہیں اگرچہ وہ ہماری نظر سے غائب
ہیں اور ہم انکو دیکھہ نہیں سکتے۔ پس ممکن ہے کہ بعض اس قسم کے لطیف وجود
عالم الٰہی کو روشن کرنیوالے ہوں اور انبیا علیہم السلام کے نفوس انکو دیکھہ سکتے
ہوں۔ اگر اس امر کی ہمکو کوئی سچی خبر ملجاوے تو اُس کی صحت کے یقین کرنے
میں کون چیز مانع ہو سکتی ہے۔

جن لوگونکو خدا نے اس مرتبہ کے ساتھہ مخصوص کیا ہے اُنکے ظاہر حواس
میں ان روحوں کی آوازوں اور شکلوں کا متمثل ہونا کچھہ بعید اور غیر معمولی بات نہیں
اسلئے کہ نبوت کے منکر بھی اس امر کو تسلیم کرتے ہیں کہ بعض خاص امراض کے
مریضوں پر ایسی کیفیت طاری ہوجاتی ہے کہ اُنکے بعض معقولات اُن کے
خیال میں متمثل ہوکر محسوسات کے درجہ کو پہونچ جاتے ہیں، اور مریض ان کو
اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے اور کانوں سے سنتا ہے، بلکہ اُنکے ساتھہ کشتی لڑتا
اور مقابلہ کرتا ہے۔ حالانکہ واقعی طور پر ان تمام باتوں کی اصلیت اور حقیقت کچھہ
بھی نہیں ہوتی۔ پس اگر یہ تسلیم کرلیا جاوے کہ بعض دماغی امراض کے عارض
ہونے کے وقت بعض معقولات متمثل ہوکر محسوسات کے درجہ پر پہونچ جاتے
ہیں، تو کیا وجہ ہے کہ اس امر کو تسلیم نہ کیا جاوے کہ بعض حقائق معقولہ نفوس

پس اگر یہ مقدمات جو ہمنے اوپر بیان کئے ہیں تسلیم کر لئے جاویں (اور سوائے تسلیم کے کوئی چارہ نہیں) تو اُس نتیجہ کو تسلیم نہ کرنا جو ان مقدمات سے پیدا ہوتا ہے نہایت سفاہت اور کم عقلی کی بات ہے، اور وہ نتیجہ یہ ہے کہ بعض انسانی نفوس ایسے ہو سکتے ہیں جو محض فطری طور پر لطیف اور پاکیزہ ہوں اور محض فیضان الہی سے اس امر کی استعداد اور قابلیت رکھتے ہوں کہ وہ انسانیت کے اعلی درجہ پر پہونچ جائیں، اور ایسے رموز اور اسرار کو جنکو عام لوگ دلائل اور براہین کے ذریعہ سے بھی نہیں سمجھ سکتے عیانی طور پر مشاہدہ کریں۔ اور جس طرح ہم اپنے استادوں سے علم حاصل کرتے ہیں اُس سے زیادہ وضاحت کے ساتھہ وہ خدا سے علم و حکمت سیکھتے ہوں اور سیکھنے کے بعد لوگونکو اُس کی طرف دعوت کرتے ہوں - ہر ایک قوم اور ہر ایک زمانہ کی ضرورتوں کے موافق عادت اللہ اسی طرح جاری رہی ہے کہ وہ اپنی رحمت سے ایسے شخص کو ظاہر کرتا ہے جو اُس کی عنایت اور مہربانی کے ساتھہ مخصوص ہوتا ہے اور اجتماع انسانی کی ضرورتوں اور مصلحتوں کو پورا کرتا ہے اور جب نوع انسان قوت اور استحکام کے درجہ کو پہونچ جاتی ہے اور جو چراغ اُس کی ہدایت کے لئے رکھے گئے ہیں وہ کافی ہوتے ہیں تو رسالت ختم ہو جاتی ہے، اور نبوت کا دروازہ بند ہو جاتا ہے جیسا کہ ہم آگے بیان کرینگے -

بعض آسمانی روحوں کا موجود ہونا اور انکا اس مرتبہ کے لوگوں پر ظاہر

قرآن مجید

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی طفولیت اور اُنکے اُمی ہونے کا حال جو ہم بیان کر چکے ہیں ہمکو ایسے متواتر طریقہ سے معلوم ہوا کہ جس میں ذرا بھی شک کرنے کی مجال نہیں۔ دنیا کی وہ تمام قومیں جو تاریخ اسلام سے آگاہ ہیں اس خبر کو بطور تواتر کے بیان کرتی ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کتاب تھی جس کی نسبت وہ دعوی کرتے تھے کہ یہ مجھپر خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہے اور وہ کتاب قرآن مجید ہے جو مصحف کی شکل میں لکھا گیا ہے اور جو مسلمان حافظوں کے سینوں میں آجتک محفوظ ہے۔

اس کتاب میں گذشتہ قوموں کے ایسے حالات اور واقعات بیان کئے گئے ہیں جو موجودہ اور آیندہ نسلوں کے لئے عبرت انگیز ہیں۔ اس میں صحیح صحیح واقعات کو بیان کر دیا ہے۔ اور جھوٹے قصوں اور بے بنیاد افسانوں کو جو اوہام نے اُنکے ساتھ شامل کر دیئے تھے چھوڑ دیا ہے اور اُن سے عبرت حاصل کرنے کے لئے متنبہ کیا ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے تاریخی حالات اور اُن معاملات کو جو اُن کو اپنی قوموں کے ساتھ پیش آئے ذکر کیا ہے اور اُن تمام جھوٹے اتہاموں کی تردید کی ہے جو اُنکی رسالت اور نبوت کے

عالی ہیں متمثل ہو سکتے ہیں اور یہ اُسوقت ہوتا ہے جب کہ وہ عالم حس سے گذر کر
عالم قدس کے ساتھہ متصل ہو جاتے ہیں، اور یہ حالت اس درجہ کے لوگوں
ہیں عقل کی صحت اور اُسکی روشنی کا نتیجہ ہوتی ہے۔ کیونکہ انکے مزاج میں ایسی
خصوصیتیں ہوتی ہیں جو دوسرے مزاجوں میں نہیں ہوتیں۔ اسکے تسلیم کر لینے
سے زیادہ سے زیادہ جو بات لازم آتی ہے وہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی
ارواح کو اُنکے اجسام کے ساتھہ ایک خاص قسم کا تعلق ہے، جس کی نظیر
عام لوگوں میں موجود نہیں۔ یہ بات بھی ایسی ہے جسکا قبول کر لینا بہت آسان
بلکہ نہایت ضروری ہے۔ کیونکہ انبیاء علیہم السّلام کی حالت بھی عام لوگوں
کے حالات سے بالکل علیحدہ اور غیر معمولی ہوتی ہے، اور یہی مغائرت ہے
جس سے انکو امتیاز اور خصوصیت حاصل ہوتی ہے، اور یہی ان کی رسالت
کی دلیل ہوتی ہے۔ جو کچھہ وہ مشاہدہ کرتے ہیں اور بیان کرتے ہیں اُس کی
صحت کی دلیل یہ ہے کہ ان کی وداسے قلبی امراض کو شفا ہوتی ہے اور جو
قومیں ان کے مسلک کی پیروی اور انکے احکام کی تعمیل کرتی ہیں اُن کی ہمتیں
بلند اور عقلیں روشن ہو جاتی ہیں۔ بیماروں سے صحیح باتوں کا صادر ہونا اور
مجنونوں اور پاگلوں سے نظام عالم کا درست ہونا ایسی بات ہے جس کو کوئی
شخص بھی تسلیم نہیں کر سکتا۔

تمام عقلی اور ذہنی قوتوں کو صرف کرتا تھا کہ اُسکا بول بالا رہے اور اُسکا خطبہ یا قصیدہ سب سے بڑھا چڑھا اور مقبول خاص وعام ہو۔ غرضکہ اُسوقت یہی ایک چیز تھی جو اُنکے لئے مابہ الافتخار اور مایۂ ناز تھی۔

اسی طرح ہمکو متواتر طریقے سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اُن کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معارضہ کرنے اور آپ کے دعوے کے باطل کرنے کے لئے ہر قسم کے وسائل بہم پہونچانے کی نہایت حرص اور تمنا تھی۔ ان میں جو لوگ بادشاہ اور حاکم تھے اُن کو اُنکی سلطنت اور حکومت کے غرور نے آپ کی عداوت پر آمادہ کیا تھا۔ جو لوگ خطیب یا شاعر یا انشا پرداز تھے وہ اپنی فصاحت وبلاغت اور جادو بیانی کے نشہ میں اسقدر متوالے ہو رہے تھے کہ نہایت تکبر کے ساتھ آپ کی متابعت اور پیروی سے ناک چڑھاتے تھے۔ ان تمام لوگوں نے جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کو اپنی توہین اور کسر شان سمجھتے تھے، اپنے آبائی مذہب کی حمیت کے جوش میں آکر اپنی پوری قوت کے ساتھ آپ کا مقابلہ کیا۔ مگر باوجود اسکے آپ ہمیشہ اُن کی راے کی غلطی اور اُن کی عقل کی سفاہت ظاہر کرتے اور اُنکے بتوں کی توہین اور تحقیر کرتے تھے اور اُنکو ایسی باتوں کی طرف دعوت کرتے تھے جنسے اُنکے کان محض ناآشنا تھے اور ان تمام امور میں آپ کی صرف یہ دلیل تھی کہ قرآن مجید کی ایک چھوٹی سی چھوٹی سورت کی برابر کوئی کلام بنا لاؤ جو فصاحت وبلاغت اور پاکیزگی مضامین کے

ماننے والوں اور اُنکے مذہب کے پیروؤں نے اُنکے ذمہ لگا رکھے تھے
مختلف مذہبوں اور ملتوں کے علمار سے جنہوں نے اپنے مذہبی عقائد اور
احکام کو نئی نئی بدعتوں کے ساتھ خلط ملط کر کے فاسد کر دیا تھا اور آسمانی کتابوں
میں تاویل کر کے تغیر و تبدل کر دیا تھا، مواخذہ اور باز پرس کی اور ایسے آئین
اور قوانین بنائے جو تمام انسانی افراد کی مصلحتوں پر پورے طور پر منطبق ہیں۔
جب تک اُن قوانین اور احکام کی پابندی کی گئی اور اُنپر عمل رکھا گیا تو بہترین نتائج
ظاہر ہوئے اور عدل و انصاف کی بنیاد اُنکے ذریعہ سے مستحکم طور پر قائم ہوئی
اور جو لوگ اُس کی مقررہ حدود پر قائم رہے اُن کی قسمت کا ستارہ برتری اور
عروج کے آسمان پر چمکتا رہا اور جب اُن قوانین کی پابندی چھوڑ دی اور اُن
سے منحرف ہو گئے تو سخت نقصان پہونچا۔ غرض کہ اس لحاظ سے وہ اُن
تمام قوانین سے بہتر ہیں جنکو قوموں نے سالہا سال کے تجربہ کے بعد
وضع کیا ہے۔

قرآن مجید ایسے زمانہ میں نازل ہوا جس کی نسبت تمام راویوں
کا اتفاق ہے اور متواتر خبروں سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ عرب کی تاریخ میں
فصاحت اور بلاغت کے لحاظ سے بہت ہی اعلیٰ درجہ کا زمانہ تھا۔ اُسوقت
جزیرہ عرب میں فصیحوں، بلیغوں، شاعروں اور خطیبوں کی ایک جماعت کثیر
موجود تھی جو پہلے کبھی نہیں ہوئی۔ ان میں سے ہر شخص اس بات پر مرتا تھا اور اپنی

من بعد غلبھم سیغلبون ٭ فی بضع سنین ۔ ؔ مغلوب ہوگئے ہیں لیکن یہ لوگ اپنے مغلوب ہونے کے پیچھے عنقریب چند سال میں پھر اہل فارس پر غالب آجائینگے ۔ (اس آیت میں خدا نے بتا دیا ہے کہ گو رومی اسوقت مغلوب ہوگئے ہیں مگر وہ چند سال بعد پھر اہل فارس پر فتح پائینگے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور یہ واقعہ تاریخی پیشین گوئی کا بڑا زبردست معجزہ ہے ۔ دو زبردست سلطنتوں کے بارے میں برسوں پہلے وثوق کے ساتھ ایک قطعی فیصلہ کر دینا کسی بشر کا کام نہیں) اسی طرح ایک دوسری آیت میں صراحت کے ساتھ وعدہ کیا گیا ہے " یعنی تم میں سے جو لوگ ایمان

" وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصلحٰت لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضٰی لھم ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا ۔ ؔ لائے اور نیک عمل بھی کرتے ہیں اُنسے خدا کا وعدہ ہے کہ ایک نہ ایک دن اُنکو ملک کی خلافت یعنی سلطنت ضرور عنایت کریگا جیسے اُن لوگونکو خلافت عنایت کی تھی جو اُن سے پہلے ہو گذرے ہیں اور جس دین کو اُسنے اُن کے لئے پسند کیا ہے ، اسکو اُنکے لئے جما کر رہیگا اور خوف جو اُن کو لاحق ہے اسکے بعد عنقریب ان کو اس کے بدلہ میں امن دیگا "

قرآن مجید میں اور بہت سی اسی قسم کی آیات موجود ہیں جو غور کرنے سے

لحاظ سے آسکے ساتھ مناسبت اور مشابہت رکھتا ہو۔ اُن میں اسقدر ستطاعت
تھی کہ وہ عرب کے فاضلوں، فصیحوں اور بلیغوں کو جمع کرتے اور آپ کی
اس حجت کے باطل کرنے اور آپ کو ساکت کرنے کی غرض سے قرآن مجید
کی مثل کوئی کلام تالیف کرتے۔

ہمکو متواتر طریقہ سے معلوم ہوا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کی طرف سے یہ دعوی اور تحدی اور طلب معارضہ عرصہ دراز تک جاری رہا
اور عرب کے لوگ بھی اپنی گمراہی اور خودسری پر برابر اڑے رہے۔ مگر تاہم
وہ اس باب میں بالکل عاجز اور ناکام رہے اور قرآن مجید کا بول بالا رہا۔ بیشک
ایک اُمی شخص کی زبان سے ایسی بےمثل کتاب کا ظاہر ہونا اعلیٰ درجہ کا معجزہ ہے
اور اس بات کی یقینی دلیل ہے کہ قرآن مجید آدمی کا بنایا ہوا کلام نہیں ہے بلکہ
وہ ایک نور ہے جو علم الہی کے آفتاب سے دنیا کے روشن کرنے کے لئے
چمکا ہے۔ اور حکم خداوندی ہے جو نبی اُمی صلوات اللہ علیہ کی زبان مبارک
پر ظاہر ہوا ہے۔

علاوہ ازیں قرآن مجید میں بہت سی غیب کی خبریں دی گئی ہیں جن کی
تصدیق دنیا کے حادثات اور واقعات سے بخوبی ہو چکی ہے۔ مثلاً اس آیت
میں خبر دی گئی ہے کہ دو قریب کے ملک یعنی فارس میں رومی جو نصاریٰ ہیں
اہل فارس سے جو آتش پرست ہیں ۔ غلبت الروم فی ادنی الارض وہم

ایک معترض کہہ سکتا ہے کہ جواب سے عاجز ہو جانا صرف اُس شخص پر حجت ہے جو عاجز ہو جاوے۔ کیونکہ بعض اوقات خصم اپنے مسلمات کی وجہ سے عاجز ہو جاتا ہے اور جواب نہیں دیسکتا۔ ممکن ہے کہ دوسرا شخص انکو نہ تسلیم کرتا ہو۔ اسلئے یہ دلیل اسکو ساکت نہیں کر سکتی۔

یہ شبہہ ہمارے گذشتہ بیان پر غور کرنیسے رفع ہو جاتا ہے کیونکہ قرآن مجید کے اعجاز اور دلیل کے ساکت کرنیمیں صرف یہی مشابہت ہے کہ دونوںکا نتیجہ عجز ہوتا ہے مگر ان دونوں قسم کے عجز میں بہت بڑا فرق ہے۔ اسلئے کہ اعجاز القرآن کی بنیاد ایک واقعی امر پر ہے اور وہ یہ ہے کہ تمام انسانی قوتیں اُسکے مرتبہ بلاغت سے عاجز ہیں۔ تمام انسانی قوتوں نکو ہمنے اسوجہ سے قاصر لکھا ہے کہ قرآن مجید عربی زبان میں نازل ہوا جو فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے عرب کی تاریخ میں نہایت ہی اعلیٰ درجہ کا زمانہ تسلیم کیا جاتا ہے، اور عرب کے لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی دعوت سے انتہا دشمنی اور عناد رکھتے تھے، جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، مگر تاہم وہ قرآن مجید کا معارضہ نہ کر سکے۔ ایسی حالت میں خیال نہیں کیا جاسکتا کہ کوئی ایرانی یا ہندوستانی عربی زبان کو ایسی اعلیٰ درجہ کی فصاحت و بلاغت کے ساتھ لکھ سکے یا بول سکے، اور ایسا کلام تالیف کر سکے جس سے خود عرب کے تمام فصیح و بلیغ قاصر رہے۔ حالانکہ اُنکو نشو نما اور ابتدائی تربیت میں رسول

معلوم ہوسکتی ہیں۔ یہ بھی اخبار عن الغیب کی قسم سے ہے جسکا قرآن مجید میں دعویٰ کیا گیا ہے "قل لئن اجتمعت الانس والجن علےٰ ان یاتوا بمثل ھذا القران لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیرا۔ فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار التی وقودھا الناس والحجارۃ"، عرب کے مختلف اطراف سے مکہ میں آنے جانے والوں کی زبانی عرب کے تمام ممالک اور اسکے بیشمار باشندوں میں آپ کی دعوت مشتہر ہوگئی تھی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو نہ عرب کی اطراف میں سیر و سیاحت کا اتفاق ہوا تھا اور نہ آپ کو وہاں کے عام شاعروں اور خطیبوں کی قابلیت کے جانچنے کا موقع ملا تھا۔ علاوہ ازیں ایک کثیر التعداد قوم کے جو ایک وسیع ملک میں رہتے ہوئے ہوں اور دماغی قابلیتوں کا ایسی صحت کے ساتھ اندازہ کرلینے سے انسانی علم قاصر ہے۔ ایسی حالت میں قطعی فیصلہ کرلینا اور قطعی حکم لگا دینا کہ وہ ہرگز قرآن کی مثل کوئی سورت نہیں بنا سکتے انسان کا کام نہیں ہے، اور ناممکن ہے کہ ایسا دعوی کسی ذی عقل سے سرزد ہو بلکہ جس کسی کو ذرا بھی عقل ہوتی ہے اسکو یہی خیال ہوتا ہے کہ دنیا خالی نہیں اور ایک سے ایک لائق اور باکمال موجود ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ دعوی کسی انسان کا دعوی نہیں بلکہ یہ خدا کا دعویٰ ہے جسکو علم ہے کہ تمام انسانی قوتیں اسکے مقابلہ میں بالکل عاجز اور بیکار ہیں۔

اسلام

مذہب اسلام وہ مذہب ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا
اور صحابہ کرام اور اُنکے معاصرین کو آپ نے اُس کی تعلیم و تلقین فرمائی - اور ایک
زمانہ تک بغیر کسی قسم کے اختلاف اور تاویل اور طبعی میلان کے اُسپر عمل
کرتے رہے ہیں - میں اس مذہب کو قرآن مجید کی اقتدا کر کے اس باب میں
مجمل طور پر بیان کرونگا اور اس میں سوائے قرآن مجید اور صحیح حدیثوں کے
کوئی چیز میرے لئے سند نہیں ہے -

مذہب اسلام خدا کی ذات اور اُسکے افعال میں توحید کی تعلیم کرتا ہے
اور اُسکو مخلوق کی مشابہت سے پاک ظاہر کرتا ہے - اسنے اس بات پر بہت
سی دلیلیں قائم کی ہیں کہ دنیا کے لئے ایک پیدا کرنیوالا ہے جو علم و قدرت و ارادہ
وغیرہ وغیرہ اعلیٰ درجہ کی صفات کے ساتھ متصف ہے اور مخلوقات میں سے
کوئی شئے اُسکے مشابہ نہیں ہے - مخلوق کے ساتھ اُسکو کوئی نسبت نہیں ہے
مگر صرف یہ نسبت ہے کہ وہ اُنکا موجد اور پیدا کرنیوالا ہے - اور وہ اُسی کے
پیدا کئے ہوئے ہیں - اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ " اے پیغمبر یہ لوگ جو تم سے
"قل ھو اللہ احد" خدا کا حال پوچھتے ہیں تو تم اُنسے کہو کہ اللہ ایک ہے
اللہ الصمد لم یلد اللہ بے نیاز ہے نہ اُس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہت اور مناسبت تھی، بلکہ انہیں سے اکثر اشخاص، مرد تعلیم کی وجہ سے امتیاز اور خصوصیت رکھتے تھے - یہ اس بات کی قطعی اور یقینی دلیل ہے کہ ایسے کلام کا کسی بشر سے صادر ہونا عادتاً ناممکن ہے -

پس اس عظیم الشان معجزے اور اس کتاب مقدس سے جس میں کوئی تغیر تبدل نہیں ہو سکتا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور رسالت ثابت ہوگئی لہذا آپ کی رسالت کی تصدیق کرنا اور جو کچھ قرآن مجید میں وارد ہوا ہے اُسکا اعتقاد رکھنا اور آپ کی ہدایتوں اور سنتوں پر عمل کرنا ہم پر واجب ہے - قرآن مجید میں آیا ہے کہ آپ خاتم الانبیاء ہیں، لہذا اُسپر بھی ایمان لانا ہمارا فرض ہے -

والافئدۃ لعلکم تشکرون " دین اور دل دیئے تاکہ تم اُسکا شکر کرو "

عرب کے نزدیک شکر کے جو مشہور معنی ہیں وہ یہ ہیں کہ نعمت کو صرف اُسی کام مین لگانا جسکے لیئے وہ نعمت عطا ہوئی ہے - اس قسم کی آیات سے اس امر کی طرف رہنمائی کی گئی ہے کہ ہمکو خدا نے حواس عطا کئے ہیں اور ہم میں بہت سی قوتیں ودیعت رکھی ہیں، جنکو ہم انہیں کاموں میں خرچ کر سکتے ہیں جنکے لئے وہ عطا کی گئی ہیں - پس ہر شخص خود اپنے کام کا کرنیوالا ہے اور اُس کی بھلائی اور برائی کا ذمہ دار اور نفع یا نقصان اُٹھانیوالا ہے -

مگر ایک زبردست قوت ہم پاتے ہیں جو ہمارے حواس اور قویٰ پر حکمرانی کرتی ہے اور جو انکو امداد پہونچاتی ہے، اُس قوت کی تہ کو پہنچنا ہماری عقل کا کام نہیں ہے - ہمارے حواس اُسکی حقیقت کے سمجھنے سے حیران ہیں اور چونکہ وہ اُن تمام قوتوں سے بالاتر ہے جو ابتک ہمکو معلوم ہیں، اسلیئے اُسکے پہچاننے سے ہم عاجز ہیں - پس اُسی قوت کے سامنے گردن جھکانا اور اُسی کی طرف توجہ کرنا چاہیئے اسلیئے کہ اُن تمام قوتوں کا مرجع خدا ہے وحدہٗ لاشریک کے سوا کوئی نہیں - پس سوا اُسکے اور کسی کی اطاعت نہ ہم پر لازم ہے اور نہ ہم کسی اور طرف رجوع کرنے سے تسلی پا سکتے ہیں - امید و بیم کے کاموں میں جنپر آیندہ زندگی کا مدار ہے ہمارے قویٰ اور حواس کی یہی حالت ہونا چاہیئے - اُنکو ہرگز اجازت نہیں ہے کہ نیک اعمال و افعال

ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احد سے پیدا ہوا - اور نہ کوئی اُس کی برابر کا ہے -"

اور قرآن شریف میں جو الفاظ وجہ، یدین، استوا، وغیرہ وارد ہوئے ہیں اُنکے معنی اُن عربوں نے سمجھ لئے تھے، جو کتاب کے مخاطب تھے اور اُنکو کسی قسم کا شبہہ نہین ہوا تہا - وہ جانتے تھے کہ خدا کی ذات وصفات کا دنیا کی کسی روح یا جسم مین ظاہر ہونا محال ہے - ہاں خدا تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کسی کو چاہتا ہے علم اور حکومت عطا کرتا ہے -

مذہب اسلام ہر ایک ذی عقل پر اسباب کو حرام کرتا ہے کہ وہ بغیر یقینی دلیل کے جسکے مقدمات جو اس کے حکم پر مبنی ہوتے ہوں، یا بدیہیات سے مرکب ہوں جن میں کسی قسم کا شبہہ نہو سکے (جیسے کہ اجتماع نقیضین یا ارتفاع نقیضین کا محال ہونا یا کل کا اپنے جزو سے بڑا ہونا) کسی چیز کا اقرار کرے - اُسنے دوسروں کی طرح انبیاء علیہم السلام کی نسبت بہی حکم لگا دیا کہ وہ اپنے لئے نفع نقصان کے مالک نہیں - زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ وہ اُسکے مکرم اور محترم بندے ہیں اور جو کچہہ اُنکے ہاتہوں پر جاری ہوتا ہی وہ خدا کی خاص اجازت اور خاص حکمت سے ہوتا ہے -

قرآن مجید میں وارد ہوا ہے کہ " اللہ نے تمکو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا اُسوقت تم کچہہ نہ جانتے تہے اور تمکو کان دئے اور آنکہیں

" واللہ اخرجکم من بطون امہاتکم لاتعلمون شیئاً وجعل لکم السمع والابصار

رسول اللہ وخاتم النبیین وکان اللہ بکل شئ علیما "

مذہب اسلام نے اس سے ہر ایک قسم کی بت پرستی کی بیخ کنی کردی اور ان باطل عقیدوں اور غلط خیالات سے جسقدر فاسد توہمات انسانی عقول پر چھائے ہوئے تھے انکو دور کیا اور انسانی نفوس کو ان بد اخلاقیوں اور بداعمالیوں سے بالکل پاک وصاف کردیا جو ان باطل توہمات کی وجہ سے پیدا ہوگئی تھیں - انسان کی قدر وقیمت، عزت اور عظمت کو ترقی دی - کیونکہ اب وہ اپنے خالق کے سوا درختوں اور پتھروں کے آگے اپنا سر نہیں جھکاتا اور ہر شخص پر فرض کردیا کہ انسبات کا اقرار کرے کہ "میں نے تو اپنا رخ ایک ہی ذات پاک کی طرف کرلیا ہے جسنے آسمان وزمین کو بنایا اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں میری نماز اور عبادت اور میرا مرنا وجینا خدا ہی کے لئے ہے جو سارے جہان کا پروردگار ہے - کوئی اس کا شریک نہیں اور مجھکو ایسا ہی حکم دیا گیا ہے اور میں اسکے فرمانبرداروں میں سے سب سے پہلا ہوں"۔

"انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین" "ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العلمین لاشریک لہ وبذالک امرت وانا اول المسلمین "

اس سے انسان کا نفس آزاد اور ان تمام قیود سے مطلق العنان

سے کے مقبول ہونے، یا بدکرداریوں کے معاف ہونے کی توقع کسی اور سے رکھیں اور حقیقت میں صرف وہی ایک خدا ہے جو جزا و سزا کے دن آزادی کے ساتھ حکومت کریگا۔

غرضکہ مذہب اسلام نے تمام اخلاق اور فضائل کو زندہ کیا اور نظام عالم کے ہر قسم کے قواعد کو مرتب اور مقرر کیا۔ انسان کی راے اور عقل کو آزادی بخشی، اسکی ہمت کو ہر قسم کے کاموں اور کوششوں میں اولوالعزمی عطا کی۔ جو لوگ قرآن مجید کو غور اور فکر کے ساتھ تلاوت کرتے ہیں اور سمجھ بوجھ سے کام لیتے ہیں انکو معلوم ہے کہ وہ اس قسم کے جواہرات کا ایک خزانہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہو سکتے۔ اب سوائے اس کی پیروی کے دینی اور دنیوی سعادت حاصل کرنے کے لئے کوئی ذریعہ نہیں ہے۔

یہی وجہ ہے کہ نبوتیں اور رسالتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور رسالت پر ختم ہوگئیں جیسا کہ قرآن شریف اور سنتہ صحیحہ میں صراحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے ختم نبوت کی ظاہری علامت یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کے بہت سے مدعی کھڑے ہوئے مگر کسی کو کامیابی نصیب نہیں ہوئی اور دنیا کو اس امر سے اطمینان ہوگیا کہ اب نبوت یا رسالت کے کسی مدعی کی دعوت قبول نہیں ہو سکتی۔

ھکذا یصدق فنا و الغضب " ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن

اور مختار کر دیا جس سے اولوالعزم ہمتوں کے لئے کوشش کرنیکا میدان وسیع ہوگیا
آبائی تقلید کے لشکر جو انسانی نفوس پر غالب ہو رہے تھے، اسلام نے اسپر ایک سخت حملہ کر کے اُنکو شکست دی اور تقلید کے اصول جو خیالات میں راسخ ہو گئے تھے اُنکو جڑ سے اُکھاڑ کر پھینکدیا۔ اُسنے عقل کو للکارا اور خواب غفلت سے جگایا اور بلند آواز سے پکارا کہ انسان اسلئے نہیں پیدا کیا گیا کہ وہ اونٹ کی طرح مہار پکڑ کر کھینچا جاوے، بلکہ اُسکی فطرت میں اس بات کی قابلیت اور استعداد رکھی گئی ہے، کہ وہ علم کے ذریعہ سے ہدایت حاصل کرے اور واقعات اور حادثات کے اسباب اور دلائل کا سراغ لگائے۔ (معلم صرف رہنمائی کرنے والے اور بحث و جستجو کا طریقہ بتانے والے ہیں) اُسنے اہل حق کی تعریف اسطرح کی "الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ" یعنی "وہ لوگ جو باتوں کو سنتے ہیں اور اُن میں سے اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں" اس آیت میں اہل حق کا یہ وصف بیان کیا گیا ہے کہ وہ کہنے والوں کو نہیں دیکھتے بلکہ اُنکے اقوال کو دیکھتے ہیں۔ اچھی باتوں کو لے لیتے ہیں غلط اور بیکار باتوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔

آبائی خیالات اور آبائی عقائد جو اولاد میں منتقل ہوتے ہیں اسلام نے اُن کی تردید کی اور جو لوگ پرانی لکیر کے فقیر اور اپنے آبا و اجداد کی رسوم کے پابند ہیں، اُنکی سفاہت اور حماقت کو تصریح کے ساتھ بیان کیا اور

ہوگیا جنکا وہ اعتقاد رکھتا تھا، اور درختوں، پتھروں، قبروں اور ستاروں اور شفاعت کرنیوالوں اور کاہنوں کی قید سے چھوٹ گیا جنکو وہ اپنے اور خدا کے درمیان واسطہ اور نجات کا ذریعہ خیال کرتا تھا۔ غرضکہ روح کو مکاروں اور دجالوں کی بندگی سے چھوڑاکر تمام آدمیونکو یکساں طور پر خدا کا خالص بندہ بنادیا۔ اس بندگی میں چھوٹے بڑے، امیر غریب، ادنیٰ اعلیٰ، سب برابر ہیں۔ ہاں اگر کسی کو کچھ فضیلت ہے تو محض علم اور عقل کی وجہ سے ہے۔ عقل اور عمل کے سوا جو توہم اور ریا سے پاک وصاف ہوں فضیلت اور خدا کی تقرب کا کوئی ذریعہ نہیں۔

اسلام نے حکم دیا کہ ہر شخص جو کام کرسکتا ہو وہ کرے مگر وہ اُسکے نفع نقصان کا ذمہ وار ہے جیساکہ قرآن مجید میں وارد ہوا ہے کہ " جسنے ذرہ بھر فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ۔ نیکی کی ہوگی وہ اُسکو دیکھ لیگا اور جسنے ذرہ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ۔ بھر برائی کی ہوگی وہ اسکو دیکھ لیگا"۔ "اور یہ لیس للانسان الا ما سعی "۔ انسان کو اُتنا ہی ملیگا جتنی اُسنے کوشش کی"

اور ہر شخص کو اجازت دی کہ وہ پاکیزہ اور ستھری چیزوں میں سے جو چاہے کھائے اور پہنے، اور صرف وہی چیزیں حرام کیں جو اُس کی ذات کے لئے مضر تھیں یا اُنکا ضرر متعدی تھا۔ اور اسکے لئے حدود مقرر کیں جو تمام انسانی مصلحتوں پر پوری طرح منطبق ہیں۔ غرض کہ ہر شخص کو اپنے کام میں مستقل

اعلیٰ درجہ کی مفید باتیں حاصل ہوئیں جو اسلام سے پیشتر حرام خیال کیجاتی تہیں
ایک ارادہ کا استقلال اور دوسرے رائے کی آزادی۔ اور انہیں سے انسانیت
کی تکمیل ہوئی اور انسان کو اپنے تمام فطری کمالات حاصل کرنے کی قابلیت
ہوئی۔ یورپ کے بعض علماء متاخرین کا قول ہے کہ یورپ میں تمدن
اور شائستگی کی بنیاد انہیں دو اصول پر قائم ہوئی ہے۔ انسانی نفوس کام کرنے
اور انسانی عقول غور و فکر کرنے پر اسوقت مستعد ہوئیں جبکہ اکثر اشخاص کو
اپنی قدر و قیمت معلوم ہوگئی اور یہ سمجہ گئے کہ حقائق اور معارف کی تلاش
اور جستجو میں اپنی عقل سے کام لینے کا انکو اختیار حاصل ہے۔ اور یہ مفید
خیال انکو سولہویں صدی عیسوی میں پیدا ہوا۔ حکیم مذکور نے اسبات کا بہی اقرار
کیا ہے کہ یورپ کو اسوقت یہ روشنی محض اسلامی علوم کے نور سے حاصل
ہوئی تہی۔

مذہبی پیشواؤں نے عام دیندارونکو آسمانی کتابونکے سمجہنے اور ان
کے معانی و مطالب پر غور کرنیکی ممانعت کردی تہی۔ مذہب اسلام نے
اسکو باطل کیا۔ انہوں نے عام لوگوں کو آسمانی کتابوں کی تلاوت کی اجازت
دی تہی مگر اسکے ساتہہ یہ بہی شرط لگی ہوئی تہی کہ صرف الفاظ کو پڑہیں اور انکا مطلب
پر غور نہ کریں۔ انکے مقاصد اور مطالب پر غور کرنیکا منصب خاص انہوں
نے اپنے ہی لئے رکہا تہا۔ مگر اسکے بعد خود بہی سمجہ بوجہ سے محروم ہوگئے

ظاہر کیا کہ پہلے زمانہ میں ہونا اسبات کی دلیل نہیں کہ وہ علم و عقل میں زیادہ تھے، یا پہلے زمانہ والوں کے ذہن اور عقلیں موجودہ زمانہ والوں کے ذہنوں اور عقلوں سے زیادہ تھیں، بلکہ تمیز اور فطرت کے لحاظ سے پچھلے اور اگلے سب برابر ہیں۔ بلکہ اکثر پچھلے لوگ گذشتہ زمانہ کے حادثات اور واقعات سے واقف ہوکر زیادہ تجربہ کار اور باخبر ہوجاتے ہیں۔ گذشتہ زمانہ کے لوگوںکو انکی نافرمانیوں اور بداعمالیوں سے جو ناگوار نتائج حاصل ہوتے ہیں ان سے ہی موجودہ زمانہ کے لوگ فائدہ اٹھاتے اور عبرت پکڑتے ہیں۔ قل سیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبۃ الذین۔ یعنی اے پیغمبر ان لوگوں سے کہو کہ ملک میں چلو پھرو، پھر دیکھو کہ پیغمبروں کے جھٹلانیوالوں کا کیا انجام ہوا۔ اسلام نے آبا و اجداد کی پیروی اور تقلید کرنے پر ارباب مذاہب کی مذمت کی جنکا قول یہ تھا " انا وجدنا آباءنا علی امۃ وانا علے آثارہم مقتدون۔ بل نتبع ما وجدنا علیہ اباءنا "، یعنی " ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور انہیں کے قدم بقدم ہم بھی ٹھیک رستہ پر چلے جارہے ہیں "۔ اس سے شہنشاہ عقل کو ہر قسم کی قید اور تقلید سے آزاد کردیا اور اسکو پھر اپنی سلطنت کا مالک و مختار بنا دیا کہ وہ اپنی حکومت کے موافق جسطرح چاہے حکم کرے۔

ان تمام اسلامی ہدایات سے جو اوپر مذکور ہوئیں، انسان کو دو بڑے

اسلام کی روشنی ایسے وقت میں ظاہر ہوئی جب کہ لوگوں نے مختلف مذہبی
فرقے قائم کر رکھے تھے، جو باہم لڑتے جھگڑتے اور ایک دوسرے کو لعنت
کرتے تھے اور اسکو اعلیٰ درجہ کی خداپرستی اور دینداری خیال کرتے تھے۔
اسلام نے اسکا انکار کیا اور صاف طور پر بیان کیا کہ سچا مذہب ہر زمانہ میں اور
تمام نبیوں کی زبان پر ایک رہا ہے خدا فرماتا ہے کہ "دین حق تو خدا کے

"ان الدین عند اللہ
الاسلام وما اختلف الذین
اوتوا الکتاب الا من
بعد ما جاءھم العلم بغیا
بینھم۔ ما کان
ابراھیم یھودیا ولا
نصرانیا ولکن
کان حنیفا مسلما
وما کان من المشرکین"
شرع لکم من
الدین ما وصی بہ نوحا
والذی اوحینا الیک وما

نزدیک یہی اسلام ہے اور اہل کتاب
(یعنی یہود و نصاریٰ) نے جو دین حق سے
مخالفت کی تو حق بات معلوم ہونیکے
بعد کی اور آپس کی ضد سے کی۔ اور جو
شخص خدا کی آیتوں سے منکر ہو تو اللہ کو
اس سے حساب لیتے کچھ دیر نہیں لگتی۔
ابراہیم نہ یہود تھا اور نہ نصرانی بلکہ ہمارا فرمانبردار
بندہ تھا اور مشرکوں سے بھی نہ تھا۔ اے
لوگو!! اسنے تمہارے لئے دین کا وہی
رستہ ٹھیرایا ہے جسپر چلنے کا اس نے
نوح کو حکم دیا تھا۔ اور اے پیغمبر!!
تمہاری طرف بھی ہمنے اس رستہ کی وحی

اُنہوں نے صاف طور سے اقرار کیا کہ ہماری عقلیں شریعت اور علوم انبیاء کے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ صرف عبادت کے طور پر الفاظ کی تلاوت کافی ہے غرضکہ آسمانی کتابوں کے نازل ہونے اور انبیاء کے مبعوث ہونے میں جو حکمت تھی اُسکو اُنہوں نے غارت کردیا۔ قرآن مجید مذہبی پیشواؤں کے اس کام کی مذمت کرتا ہے اور کہتا ہے کہ "بعض ان پڑھ ہیں جو مُنہ سے لفظوں کے بُڑبُڑا لینے کے سوا کتاب الٰہی کے مطلب کو کچھہ بھی نہیں سمجھتے اور وہ صرف خیالی تکے چلایا کرتے ہیں۔ جن لوگوں کے سر پر توریت لادی گئی پھر اسپر کاربند نہوئے اُن کی مثال گدہے کی مثال ہے جسپر کتابیں لدی ہیں۔ جو لوگ خدا کی آیتوں کو جھٹلایا کرتے ہیں ان کی بھی کیا ہی بُری کہاوت ہے۔ اور اللہ بے انصاف لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا"

" ومنهم اميون لا يعلمون الكتاب الا اماني وان هم الا يظنون۔ مثل الذين حملوا التورٰة ثم لم يحملوها كمثل الحمار يحمل اسفارا۔ بئس مثل القوم الذين كذبوا بايٰت الله والله لا يهدي القوم الظالمين۔"

مذہب اسلام نے فرض کیا ہے کہ ہر ایک دیندار آسمانی کتابوں اور شرعی مسائل کے سمجھنے میں حصہ لے اور اس خاص امر میں سب دیندار اور پیرو برابر ہیں۔ معمولی ذرائع فہم کے سوا جو اکثر لوگوں کو سہولت کے ساتھہ حاصل ہوسکتے ہیں کوئی شرط نہیں لگائی اور نہ کسی طبقہ کو اس کام کے لئے مخصوص کیا۔

انسانی مصلحتوں اور انسان کے فائدے کے لئے ہے اور اُنکے واسطے موجب سعادت اور باعث نجات ہے۔

گذشتہ اور موجودہ مذاہب میں اگر کچھ اختلاف ہے تو وہ عبادات کی شکلوں اور رموزنوں میں ہے، اور جہاں کہیں احکام میں اختلاف ہے تو یہ خدا کی رحمت اور مہربانی ہے کہ ہر ایک قوم کو ہر ایک زمانہ میں ایسا حکم دیا ہے جس میں زمانہ کے لحاظ سے اُس قوم کی بہتری اور بہبودی ہو۔ اسیطرح انسانی افراد کی تربیت میں عادت اللہ جاری ہے۔ یعنی جب کہ انسان اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے تو وہ نہ کچھ جانتا ہے، نہ سمجھتا ہے نہ بول سکتا ہے، مگر بتدریج آہستہ آہستہ اُس کی عقلی اور دماغی قوتیں ترقی کر کے درجہ کمال کو پہونچتی ہیں۔ پس جس طرح افراد کی تربیت میں عادت اللہ جاری ہے اسی طرح نوع کی تربیت میں ہونا چاہئے۔ اور یہ ایسی بدیہی بات ہے جس میں اختلاف کی بالکل گنجایش نہیں۔

گذشتہ مذاہب دنیا میں ایسے وقت میں آئے جبکہ لوگ اپنی عام مصلحتوں اور خاص فائدوں کے سمجھنے کے لحاظ سے بالکل بچپن کی حالت میں تھے۔ وہ محسوسات کے سوا کچھ نہ جانتے تھے، وہ صرف اپنے جسم کے قائم رکھنے میں مصروف تھے اور اپنے ابنائے جنس اور اپنے خاندان کی محبت کے خیال سے بالکل بے بہرہ تھے۔ ایسی حالت میں حکمت کے خلاف تھا کہ اسنے

وصینا به ابراهیم	کی ہے - اور اُسکا ہمنے ابراہیم اور موسیٰ
وموسیٰ وعیسےٰ ان	وعیسیٰ کو بھی حکم دیا تھا کہ اس دین کو قائم رکھنا اور
اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیه	اُس میں تفرقہ نہ ڈالنا - جس دین پر تم مشرکین کو
کبر علی المشرکین ما تدعو	بلاتے ہو وہ اُنپر بہت شاق گذرتا ہے -
هم الیه - قل یا اهل الکتاب	اے پیغمبر!! اُنسے کہو کہ اے اہل کتاب آؤ
تعالوا الی کلمة سواء	ایسی بات کی طرف رجوع کرو جو ہمارے اور
بیننا وبینکم ان لا نعبد	تمہارے درمیان یکساں مانی جاتی ہے کہ
الا الله ولا نشرک به	خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں - اور کسی
شیئا ولا یتخذ بعضنا	چیز کو اُسکا شریک نہ ٹہیرائیں اور اللہ کے سوا
بعضا اربابا من	ہم میں سے کوئی کسی کو اپنا مالک نہ سمجھے پھر اگر
دون الله فان	ایسی سیدھی سچی بات کے ماننے سے بھی تو منہ
تولوا فقولوا اشهدوا بانا	موڑیں تو اُن سے کہدو کہ تم گواہ رہو کہ ہم تو ایک
مسلمون "-	ہی خدا کو مانتے ہیں "-

اس قسم کی بہت سی آیات قرآن مجید میں وارد ہوئی ہیں جنکا اس مقام پر جمع کرنا موجب طوالت ہوگا - قران شریف نے تصریح کردی ہے کہ ہر ایک زمانہ میں مذہب حق یہی رہا ہے کہ خدا ایک ہے اور وہی قابل اطاعت وفرمانبرداری ہے - جو کچھہ اُسنے حکم دیا ہے یا ممانعت فرمائی وہ صرف

ایسے قوانین بنائے جو دنیا سے بالکل نفرت دلانے والے اور عالم ملکوت کی طرف مائل کرنیوالے تھے۔ اُس نے ہدایت کی کہ کوئی حقدار اپنے حق کا مطالبہ نہ کرے، اگرچہ واجبی ہو۔ اُسنے مالداروں اور دولتمندوں پر آسمان کے دروازے بند کر دیے۔ اسکے علاوہ اور بہت سے اخلاقی مسائل کی تعلیم دی جو مشہور و معروف ہے۔ طاعات اور عبادات کے اُنکو ایسے طریقے بتلائے جو اُنکے موجودہ طریقوں سے ملتے جلتے تھے۔ اس مذہب کی دعوت نے لوگوںکے دلوں پر اپنا اثر کرکے قوموںکے امراض کا علاج کیا۔ اور اُنکے اخلاق کی اصلاح کی مگر ابھی چند صدیاں بھی نہ گذری تھیں کہ انسانی ہمتیں ان سخت قوانین کی برداشت کرنے اور اُنپر عملدرآمد کرنے سے عاجز ہوگئیں اور رفتہ رفتہ یہ بات ذہن نشین ہوگئی کہ اس مذہب کی وصیتوں کی پیروی اور اُسکے احکام کی تعمیل کرنا سراسر محال اور بالکل ناممکن ہے۔ آخرکار اُسکے پیرو شان و شوکت حاصل کرنے اور مال و دولت جمع کرنے پر جھک پڑے اور اُنکی بڑی جماعت تاویل کا حیلہ کرکے مذہب کی معمولی شاہراہ سے بہت دور جا پڑی۔ اور بہت سی لغویات اور خرافات کو مذہبی لباس پہناکر مذہب میں داخل کرلیا۔ طہارت اور پاکیزگی کو فراموش کر ڈالا۔ یہ حالت تھی اُنکے اخلاق اور اعمال کے لحاظ سے۔ اور عقائد کے اعتبار سے بھی اُنکے مختلف گروہ اور فرقے قائم ہوگئے، طرح طرح کی بدعتیں

باریک باتوں سے یا جن کے لئے دلیل کی ضرورت ہے خطاب کیا جاتا ۔
بلکہ یہ خدا کی بڑی رحمت تھی کہ ان اقوام کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا گیا جیسا کہ
باپ اپنے کم سن اور ناسمجھ بیٹے کے ساتھ کرتا ہے ۔ کیونکہ وہ اسکے سامنے
ایسی ہی چیزیں لاتا اور بیان کرتا ہے، جنکا آنکھوں سے دیکھنا یا کانوں سے سننا
ممکن ہو۔ غرضکہ اس اصول کے موافق اُنپر ایسی عبادات فرض کیں جو اُنکے
حالات کے مناسب اور اُن کی استطاعت کے موافق تھیں ۔ اور اُن پر
ایسی آیات بینات نازل فرمائیں جو اُن کی آنکھوں کو بھلی معلوم ہوتی اور اُن
کے خیالات اور جذبات پر اثر کرتی تھیں ۔

اسکے بعد قوموں نے سالہا سال کی مدت ہائے دراز میں ترقی و تنزل
عروج و زوال، پستی و بلندی، اور اختلاف و اتفاق کی بیشمار منزلیں طے کیں
اور مختلف حوادثات اور گرد و پیش کے حالات اور متواتر تجربوں سے اُن کو
ایک ایسا شعور حاصل ہو گیا جس سے زیادہ باریک اور نازک اور وجدان
سے زیادہ تعلق رکھنے والا تھا ۔ مگر تاہم یہ شعور بلحاظ اپنی مجموعی حالت کے
عورتوں کے تخیلات اور نوجوان لڑکوں کے جذبات سے کچھ زیادہ اونچا اور
قابل وقعت نہ تھا ۔ پس اسوقت دنیا پر ایسا دین نازل کیا گیا جسنے مہربانیوں
اور شفقتوں کو پکارا اور خواہشات اور جذبات کو روکا اور اُنکے دلوں کے
خطرات سے ہمکلام ہوا ۔ اُسنے لوگوں کے واسطے اتقا اور پرہیزگاری کے

کر دیا تھا۔ پس مذہب اسلام نے آکر عقل و فہم کو خطاب کیا اور انسان کے لئے دینی اور دنیوی بہتری اور بہبودی حاصل کرنے میں انکو احساس اور خیالات کا شریک بنایا۔ جن مسائل میں باہمی مخالفت اور مخاصمت ہو رہی تھی انکو سلجھایا اور صحت کے ساتھ بیان کیا۔ اور بہت سی بات پر بہت سے دلائل اور براہین قائم کئے کہ مذہب حق تمام نسلوں اور تمام صدیوں میں ایک ہی رہا ہے اور خدا کی مشیت لوگوں کے حالات کے درست کرنے اور انکے دلونکے پاک و صاف کرنے میں ہمیشہ یکساں رہی ہے۔ اُسنے صاف طور پر بتا دیا کہ اعضائے جسمانی پر ظاہری عبادات کی تکالیف صرف اسلئے فرض کی گئی ہیں کہ قوائے روحانی میں خدا کی یاد اور اُسکے ذکر و فکر کی ہمیشہ اور ہر وقت تجدید ہوتی رہے۔ اور یہ کہ خدا تعالیٰ تمہاری صورتوں اور شکلونکی طرف نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے دلوں اور تمہاری نیتونکو دیکھتا ہے۔ اُسنے ہر ایک مکلف پر جسمانی اور روحانی نظافت اور ظاہری و باطنی پاکیزگی کو واجب کیا، اور اخلاص کو عبادت کی روح قرار دیا۔ چونکہ اُسنے نیک اخلاق و عادات اور اعلیٰ درجہ کی صفات کے ساتھ متصف ہونا واجب اور لازم کیا ہے اسلئے انکے مناسب ظاہری اعمال و عبادات فرض کئے ہیں جو عمدہ اخلاق اور پاکیزہ صفات حاصل ہونے کا ذریعہ ہیں۔ خدا فرماتا ہے کہ "کچھ شک نہیں کہ نماز بیحیائی کے کاموں اور ناشائستہ حرکتوں سے روکتی ہے۔ بیشک ان الصلوٰۃ تنہیٰ عن الفحشاء والمنکر"

ایجاد کر کے اُسکے مسلمہ اصول اور ضروری ارکان کو بدل ڈالا اور سب سے بڑا رکن اس بات کو قرار دیا کہ مذہبی اصول اور مذہبی عقائد میں غور و فکر کرنا اور اُنکے اسرار اور باریکیوں کو سمجھنا عقل کی طاقت سے بالاتر ہے۔ بلکہ مصنوعات اور مخلوقات کے رموز میں خوض کرنا بھی عقل کا کام نہیں۔ اُنہوں نے صراحت کے ساتھ بیان کر دیا کہ علم اور مذہب میں ایسی سخت دشمنی اور عداوت ہے کہ کسیطرح باہم اتحاد اور اتفاق نہیں ہو سکتا۔ ان خیالات کے ماننے والوں نے صرف اس بات پر اکتفا نہیں کی کہ وہ خود اُن کو تسلیم کریں بلکہ اُنہوں نے عام لوگوں کو ان عقائد کے تسلیم کرنے پر مجبور کیا اور اپنی ہر قسم کی قوتیں اُس کام میں صرف کیں جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ مذہبی گروہوں میں ایسے جھگڑے اور فساد برپا ہوگئے جو نوع انسان کے لئے نہایت منحوس اور برباد کرنے والے تھے۔ مخالفت اور عداوت کی آگ بھڑک اٹھی۔ محبت اور الفت کے تعلقات بالکل قطع ہو گئے۔ غرضکہ مذہبی گروہوں کے باہم لڑنے جھگڑنے اور ایک دوسرے کے الزام دینے میں یہی حالت تھی کہ اسلام کی روشنی نے دنیا میں طلوع کیا۔

اسوقت اجتماع انسانی یا تمدن کی عمر کسیقدر زیادہ ہو گئی تھی اور اُسکے جوڑ بند زیادہ مضبوط اور مستحکم ہو گئے تھے اور گذشتہ حادثات اور واقعات کے تجربوں نے انسان کو رہنمائی کر کے صراط مستقیم کے لئے آمادہ اور تیار

اصول کو سنت اور کمزور کر دیا تھا، اُن کو ملامت کی اور صراحت کے ساتھ بیان
کیا کہ متفرق ہونا اور مختلف فرقے قائم کرنا بالکل بغاوت اور سراسر بے دینی اور
الحاد ہے - مذہب اسلام نے اتحاد و اتفاق قائم کرنے کے لئے صرف وعظ
و نصیحت ہی پر اکتفا نہیں کی، بلکہ شریعت میں عملی طور پر اُسکو مقرر کیا - اُسنے
ہر ایک مسلمان کو اجازت دی کہ وہ اہل کتاب کے ساتھ نکاح کر سکتا ہے،
اُسکے ساتھ کھانے پینے میں شریک ہو سکتا ہے - اُسنے حکم دیا کہ اگر تم اہل کتاب
سے مناظرہ یا مباحثہ کرو تو نہایت تہذیب اور شائستگی سے کرو - مذہب اسلام
مسلمانوں کو تاکید کرتا ہے کہ اُن غیر مذہب والوں کی جو اُنکی پناہ میں داخل ہوں ایسی
ہی حمایت اور حفاظت کریں جیسے کہ وہ اپنی کر سکتے ہیں - اُنکے حقوق اور فرائض
بالکل مسلمانوں کے مساوی ہیں اور ان تمام رعایتوں کے بدلے میں اُنپر صرف
ایک خفیف سی رقم عائد کی جسکو وہ اپنے مال میں سے ادا کرتے رہیں - اسکے
بعد کسی مسلمان کو حق نہیں کہ وہ کسی ذمی کو مسلمان ہونے کے لئے مجبور کرے
قرآن مجید میں مسلمانوں کے دلوں کو اسی طرح تسلی دی گئی ہے "یعنی اسے

"یا ایها الذین آمنوا علیکم انفسکم لا یضرکم من ضل اذا اهتدیتم"

مسلمانو!! تم اپنی خبر رکھو جب تم راہ راست پر ہو تو کوئی ہی گمراہ ہوا کرے اُسکا گمراہ ہونا تمکو کچھ نقصان نہیں پہونچا سکتا" پس مسلمانوں کو
صرف اسقدر اجازت ہے کہ نہایت تہذیب اور شائستگی کے ساتھ اُن کو

حرکت اور سکون ، دعا اور تضرع ، تسبیح او تکبیر ، جو نماز کے ارکان ہیں خدا کی
عظمت اور جبروت کے تصور سے جو تمام انسانی قوتوں سے بالاتر ہے اور اُس پر
محیط ہے ، اصادر ہوتے ہیں اور دلوں میں اُس ذات پاک کے سامنے خشوع
اور خضوع ، انکسار اور فروتنی کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ ان ارکان میں
کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو عقل سے خارج ہو۔ حتیٰ کہ رکعتوں کی تعداد مقرر کرنا
اور کنکریاں پھینکنا بھی ایسی باتیں ہیں جن میں خدا کی حکمت کا تسلیم کرنا کچھ دشوار
نہیں۔ اور انکا بظاہر عبث اور بیکار ہونا اُن اصول میں رخنہ انداز نہیں ہو سکتا
جو خدا نے عقل کے واسطے غور و فکر کرنے کے لئے قرار دیئے ہیں۔ روزہ
ایک عبادت ہے جس سے دلوں میں خدا کے حکم کی عظمت زیادہ ہوتی ہے
اور اُسکے احسانات اور اس کی نعمتوں کی قدر معلوم ہوتی ہے ، جس سے
دلوں میں اُس کی فرمانبرداری اور شکر گذاری کی تحریک پیدا ہوتی ہے۔ خدا
فرماتا ہے کہ " یا ایھا الذین آمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون ۔" " اے مسلمانوں! اجس طرح تم سے پہلے لوگوں پر روزہ رکھنا فرض تھا اسی طرح تم پر بھی فرض کیا گیا تاکہ تم بہت سے گناہوں سے بچو "

حج کے ارکان سے یہ غرض ہے کہ جو چیز انسان کی ضروریات میں
سب سے زیادہ مقدم ہے اس کی یاد دلائی جاوے۔ اور کم از کم تمام عمر میں

بھلائی کی طرف دعوت کریں، مگر اس بات کا انکو بالکل حق نہیں کہ وہ اسلام کی طرف دعوت کرنے میں کسی قسم کی قوت کا استعمال کریں، کیونکہ خود اسلام کے نور میں یہ قابلیت ہے کہ وہ غفلت کے پردوں کو پھاڑکر دلوں میں سرایت کرجائے۔

مذہب اسلام نے اُس قومی اور ملکی اور خاندانی امتیاز کو باطل کیا جو انسانی نسلوں میں پیدا ہوگیا تھا۔ اُسنے قرار دیا کہ تمام انسان خواہ وہ کسی ملک کے رہنے والے، کسی قوم یا خاندان کے ہوں مساوی طور پر خدا ے وحدہ لاشریک کے بندے اور اُس کی مخلوق ہیں، تمام اشخاص بلا خصوصیت ایک ہی نوع انسانی کی افراد ہیں۔ جنس و فصل اور خاصہ کے لحاظ سے اُن میں کسی قسم کا اختلاف نہیں ہر ایک فرد میں یہ استعداد اور قابلیت ودیعت کی گئی ہے کہ وہ ان کمالات کے اعلیٰ درجہ پر پہونچ جاے جو نوع انسان کے لئے مخصوص ہیں یہ ان باطل اوہام کی تردید ہے جو بعض مدعی اپنی ذات یا اپنی قوم میں ایسی فضیلتیں اور خصوصیتیں خیال کرتے تھے جن سے دوسرے اشخاص یا دوسری قومیں محروم ہیں۔ اُنکے اس چھوٹے خیال نے بڑی بڑی قوموں کی عقلی اور دماغی قوتوں کو فنا کرکے اُن کو پستی اور تنزل کے انتہائی درجہ پر پہُنچا دیا تھا۔

مذہب اسلام کی عبادتیں جیسی کہ قرآن مجید اور صحیح حدیثوں میں مذکور ہیں ایسی اعمال اور اقوال ہیں جو خدا کی عزت و جلال اور اسکی عظمت اور بزرگی کیلئے شایاں اور اس کی تنزیہ اور تقدیس کے لئے سزاوار ہیں۔ پس رکوع و سجود،

نہیں کہ انسان خدا سے غافل ہوجاوے اور اُسکو بھول جاوے۔ بلکہ جب کوئی حادثہ یا واقعہ دیکھے تو خدا کو یاد کرے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ "چاند اور سورج دونوں "ان الشمس والقمر خدا کی نشانیوں میں سے ہیں کسی کے ایتان من آیات اللہ مرنے اور جینے سے ان میں کسوف لا ینخسفان لموت خسوف واقع نہیں ہوتا پس اگر تم ایسا دیکھو احد ولا لحیاتہ فاذا رأیتم توخدا کو یاد کرو"۔ ذالک فاذکروا اللہ۔" اس حدیث میں صاف طور پر اسباب کی تصریح کی گئی ہے کہ حوادث عالم کسی کے مرنے یا جینے یا اور خارجی اسباب سے واقع نہیں ہوتے۔ بلکہ وہ قانون قدرت اور خدا کی مرضی کے موافق واقع ہوتے ہیں۔ اسکے بعد اسلام نے انسان کی اُن دونوں حالتوں کو بیان کیا ہے جو خوشحالی اور فارغ البالی یا مصیبت اور تکلیف میں ہوتی ہیں۔ اور ان دونوں حالتوں کو اسطرح جدا کردیا ہے کہ اُن میں خلط ملط ہونے کی گنجایش نہیں رہی۔ جو نعمتیں خدا تعالیٰ اپنے بعض بندوں کو اس دنیوی زندگی میں عطا کرتا ہے یا جو مصیبتیں انپر نازل فرماتا ہے وہ بیشمار ہیں۔ منجملہ اُنکے مال و دولت، جاہ و ثروت، قوت و شوکت، آل اور اولاد، فقر و فاقہ، ذلت و افلاس، وغیرہ وغیرہ ہیں۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ان نعمتوں کے عطا ہونے یا مصیبتوں کے نازل ہونے کا سبب انسان

ایک دفعہ افراد انسانی کی مساوات کو آنکھوں سے دکھلایا جاوے جہاں
قومی اور ملکی امتیاز اور عارضی خصوصیتیں بالکل الگ تھلگ رہیں اور تمام مسلمان
امیر غریب، ادنیٰ اعلیٰ، اپنی مصنوعی آرائش سے مجرد ہو کر ایک حالت،
ایک ہیئت اور ایک لباس میں ظاہر ہوں اور ایک ساتھ طواف اور
سعی وغیرہ ارکان حج ادا کریں۔ حجر اسود کو بوسہ دیں۔ حجر اسود حضرت ابراہیم
خلیل اللہ کی یادگار ہے جو ہمارے مذہب کا باپ تھا اور جس نے ہمارا نام
مسلمان رکھا ہے۔ مگر ہر وقت اس امر کا بھی دھیان رکھیں کہ ان قدیم
یادگاروں اور پرانے تبرکات میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو کسی کو نفع نقصان
پہونچانے والی ہو۔ اور ہر ایک رکن کے ادا کرنے کی حالت میں اپنے
اس پاکیزہ اور موحدانہ خیال کا اظہار ان لفظوں میں کرتے رہیں "اللہ اکبر
اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد" دیگر قوموں کی عبادتوں
میں یہ باتیں کہاں ہیں بلکہ اُنکے اکثر طریقے عقل سے خارج اور فہم سے بالاتر
ہیں۔

حوادث عالم سے جو اوہام انسانی عقول پر طاری ہو رہے تھے اسلام
نے انکو رفع کیا اور قرار دیا کہ دنیا میں جو حادثات اور واقعات ظاہر ہوتے
ہیں وہ ان قوانین قدرت کے موافق ہوتے ہیں جو اسکے علم ازلی میں مقرر
ہو چکے ہیں اور ان میں کسی طرح کا تغیر تبدل نہیں ہو سکتا۔ مگر یہی مذاہب

دنیوی سعادت اور بہبودی کا سبب صرف وہ روح ہے جس میں خدا نے غور و فکر کی صحت کرنے، جذبات کو دبانے، خواہشات کو روکنے، ہر ایک کام و مقصد کے لئے اُسکی مناسب تدبیر کرنے، باہمی محبت اور اخوت قائم رکھنے، امانت داری اور عام خیر خواہی پر ثابت قدم رہنے کی طاقت ودیعت کی ہے۔ کسی قوم میں جب تک یہ روح باقی رہتی ہے اُسوقت تک اُس کی نعمت زائل نہیں ہوتی۔ ہاں جسقدر یہ روح قوی ہوتی جاتی ہے اُسیقدر نعمتیں بڑہتی جاتی ہیں اور جسقدر یہ روح سست اور کمزور ہوتی جاتی ہے اُسیقدر خدا کی نعمتیں گھٹتی جاتی ہیں۔ حتی کہ جس منحوس وقت میں یہ روح قوم سے جدا ہوتی ہے تو مروت و ثروت، شان شوکت، آرام راحت، عزت عظمت کی تمام چیزیں اُسکے ساتھ ہی رخصت ہوجاتی ہیں اور سوائے ذلت، خواری، افلاس و ناداری، بدبختی اور ناہنجاری اسکے کوئی چیز باقی نہیں رہتی اور کوئی ظالم یا عادل قوم اُسپر مسلط ہوجاتی ہے۔ خدا فرماتا ہے کہ "جب ہمکو کسی گائوں کا ہلاک کرنا منظور ہوتا ہے تو اُسکے خوش حال لوگوں کو ایک حکم دیتے ہیں پھر وہ اُس میں نافرمانیاں کرنے لگتے ہیں جس سے وہ بستی عذاب کی مستحق ہوجاتی ہے پھر ہم اُس بستی کو مار کر تباہ اور برباد کردیتے ہیں"

"واذا اردنا ان نهلك قرية امرنا مترفيها ففسقوا فيها فحق عليها القول فدمرناها تدميرا۔"

کی ذاتی خصلت جیسی نیک چلنی یا گمراہی، فرمانبرداری یا نافرمانی، نہیں ہوتی مثلاً
کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک عرصہ تک خدا تعالیٰ نافرمان سرکشوں، فاسقوں اور
بدکاروں کی باگ ڈھیلی کر دیتا ہے اور انکو بشمار دنیوی نعمتیں عطا کرتا ہے اور اُس
عذاب تک جو آیندہ زندگی میں اُنکے لئے مہیا کیا ہے اُنکو مہلت دیتا ہے
اسی طرح خدا اپنے بعض نیک بندونکا امتحان اور اُن کی آزمائش کرتا ہے۔
جو نیک بندے خدا کی آزمائشوں پر صبر و شکر کرتے ہیں اُنکی ثنا و صفت
قرآن مجید میں اسطرح کی گئی ہے کہ " یہ لوگ جب انپر کوئی مصیبت آپڑتی ہے

" الذین اذا اصابتھم مصیبۃ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون "۔

تو بول اُٹھتے ہیں کہ ہم تو اللہ ہی کے لئے ہیں جس حال میں رکھے اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں " پس اس
قسم کی نعمتوں یا مصیبتوں میں کسی کی رضامندی یا ناراضی، نیک چلنی یا بدکرداری
کو کچھ دخل نہیں ہوتا۔ ہاں صرف اُن نعمتوں اور مصیبتوں میں دخل ہوتا ہے
جنکے ساتھ اعمال کو سببیت کا تعلق ہوتا ہے۔ جیسے فقر او فضول خرچی ذلت
اور نامردی سلطنت کی تباہی اور ظلم میں تعلق ہے۔ یا جیسے غالباً ثروت کو حسن
تدبیر اور عزت کو خودداری کے ساتھ تعلق ہے۔

اسوقت جو کچھ ہمنے بیان کیا ہے وہ اشخاص کی حالت ہے لیکن
قومونکی حالت ایسی نہیں سمجھنا چاہئے۔ کیونکہ قوموں کی زندگی اور اُن کی

متن	ترجمہ
قومهم اذا رجعوا اليهم لعلهم	قوم میں واپس جاتے تو اُسکو خدا کی نافرمانی
يحذرون ،، ولتكن منكم امة	سے ڈراتے - تاکہ وہ لوگ بھی بُرے کاموں
يدعون الى الخير ويأمرون بالمعروف و	سے بچیں ،، - اسکے بعد دوسری آیت
ينهون عن المنكر واولئك هم المفلحون ،،	میں بھی یہی حکم دیا گیا ہے یعنی ،، تم میں ایک
ولا تكونوا كالذين تفرقوا واختلفوا	ایسا گروہ بھی ہونا چاہئے جو لوگوں کو بھلائی
من بعد ما جاءهم	کی طرف بلائیں اچھے کام کرنے کو کہیں برے
البينات واولئك لهم	کاموں سے منع کریں اور آخرت میں ایسے
عذاب عظيم -	ہی لوگ اپنی مراد کو پہونچینگے - اور ایسے نہ ہو
يوم تبيض وجوه وتسود	جو ایک دوسرے سے بچھڑ گئے اور صاف صاف
وجوه فاما الذين اسودت	احکام آئے پیچھے آپس میں اختلاف کرنے
وجوههم اكفرتم بعد	لگے اور یہی ہیں جنکو آخرت میں بڑا عذاب ہوگا
ايمانكم فذوقوا العذاب	جس دن کہ بعض لوگوں کے مونہہ سفید ہونگے
بما كنتم تكفرون	اور بعض کے سیاہ - پس جن لوگوں کے منہہ
واما الذين ابيضت	سیاہ ہونگے انسے کہا جائیگا کہ کیا تم ایمان لائے
وجوههم ففي	پیچھے کافر ہو گئے تھے تو لو اب اپنے کفر کی
رحمة الله هم	سزا میں عذاب کے مزے چکھو - اور جن
فيها خالدون	لوگوں کے منہہ سفید ہونگے وہ اللہ کی رحمت یعنی

اسکا مطلب یہ ہے کہ ہم انکو نیک اور اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں مگر وہ ان کو چھوڑ کر بدکاریوں اور ناہنجاریوں کی طرف جھک پڑتے ہیں اور اپنی بداعمالیوں کے سبب سے ہلاک اور برباد ہوتے ہیں پھر نہ انکو رونے اور چلانے سے کچھ نفع پہونچتا ہے اور نہ اُنکے اعمال اور کاموں کی صورتیں جو باقی رہجاتی ہیں انکو فائدہ دیتی ہیں اور نہ اُن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ جبکہ ان کی حالت ایسی ہوجاتی ہے کہ کوئی چیز اُنکی اس مصیبت کو دفع نہیں کرسکتی مگر یہ کہ وہ اُسی روح کی طرف التجا کریں اور صبر شکر و ذکر فکر کے قاصد بھیجکر اُسکو بلائیں۔ خدا فرماتا ہے کہ "

"ان اللہ لا یغیر ما	خدا کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک
بقوم حتے یغیروا ما	وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلے۔ جو لوگ پہلے
بانفسھم۔ سنۃ اللہ	گذرے ہیں اُن میں بھی خدا کا یہی دستور
فی الذین خلوا من قبل ولن	رہا ہے اور تم خدا کے دستور میں ہرگز
تجد لسنۃ اللہ تبدیلا"	کسی طرح کا تغیر و تبدل نہ پاؤ گے"

قرآن شریف میں علم کے سیکھنے اور سکھانے اور عام لوگوں کو رہنمائی کرنے، اچھے کاموں کا حکم دینے، بُری باتوں سے روکنے، کی ترغیب دی گئی ہے۔ لکھا ہے کہ " ایسا کیوں نہیں کیا کہ مسلمانوں کی ہر ایک جماعت میں سے

" فلولا نفر من کل فرقۃ منھم	کچھ لوگ اپنے گھروں سے نکلے ہوتے کہ دین
طائفۃ لیتفقھوا فی الدین ولینذروا	کی سمجھ بوجھ پیدا کرتے اور جب سیکھ کر اپنی

لوگوں کو ملامت کرتا ہے جو اس فرض سے غافل ہو گئے تھے۔ اور کہتا ہے کہ

لعن الذین کفروا من بنی اسرائیل علی لسان داود و عیسی ابن مریم ذلک بما عصوا و کانوا یعتدون۔ کانوا لا یتناہون عن منکر فعلوہ لبئس ما کانوا یفعلون

"بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا اُنپر داؤد اور مریم کے بیٹے عیسے کی بد دعا سے ہٹکار پڑی یہ ہٹکار اُنپر اس سے پڑی کہ نافرمانی کرتے تھے اور حد سے بڑھتے جاتے تھے۔ جو کام ایکبار کر بیٹھے تھے اُس سے باز نہ آتے تھے البتہ بہت ہی بُرے فعل تھے جو وہ لوگ کیا کرتے تھے"۔

مذہب اسلام نے فقیروں کے لئے تونگروں اور دولتمندوں پر ایک خفیف سی رقم مقرر کی ہے جسکا ادا کرنا ہر ایک صاحب نصاب پر واجب کیا ہے یہ رقم فقیروں اور محتاجوں کی دست گیری، قرضداروں کی رہائی، غلاموں کی آزادی، اور مسافروں کی امداد، میں صرف ہوتی ہے۔ اس فرض کے علاوہ خیرات اور صدقات کی بے انتہا ترغیب دی گئی ہے اور اکثر جگہ اُسکو ایمان کا عنوان اور ہدایت کی دلیل کہا گیا ہے۔ اس سے اہل فقر و فاقہ کے دلوں کو حسد اور کینے سے پاک صاف کر دیا جو اُنکو تونگروں اور دولتمندوں سے تھا اور بجائے عداوت کے اُنکی محبت دلوں میں پیدا کر دی۔ دولتمندوں کو غریبوں اور محتاجوں پر رحمت اور شفقت کی تعلیم دی۔ اس سے ہر ایک قسم کے اور ہر طبقہ کے

تلک آیات اللہ نتلوھا	بہشت میں ہونگے اور وہ ہمیشہ اسی میں
علیک بالحق و	رہینگے۔ اسے پیغمبر!! یہ ہماری آیتیں ہیں
ما اللہ یرید ظلما	جو ہم جبرئیل کی معرفت تم کو پڑھ پڑھ کر سناتے
للعالمین۔ وللہ ما	ہیں اور اللہ دنیا جہاں کے لوگوں پر کسی طرح کا
فی السموات وما	ظلم کرنا نہیں چاہتا۔ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے
فی الارض والی اللہ	اور جو کچھ زمینوں میں ہے سب کچھ اللہ ہی کا ہے
ترجع الامور ،،۔	اور سب کاموں کی پہنچ آخر کار خدا ہی تک ہے"

اس سخت وعید کے بعد ان لوگوں کا حال بیان کیا ہے جو اچھے کاموں کا حکم دینے والے اور بری باتوں سے روکنے والے ہیں۔ فرمایا ہے کہ "

" کنتم خیر امۃ	لوگوں کی رہنمائی کے لئے جسقدر امتیں پیدا ہوئیں
اخرجت للناس تامرون	اُن میں تم (مسلمان) سب سے بہتر ہو کہ اچھے
بالمعروف وتنھون عن المنکر	کام کرنیکو کہتے ہو اور برے کاموں سے روکتے
وتومنون باللہ ،،۔	ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو"۔

اس آیت میں اچھے کاموں کے کہنے اور برے کاموں سے منع کرنیکو ایمان پر مقدم رکھا ہے حالانکہ ایمان ایسی چیز ہے جسپر تمام نیک کاموں کا مدار ہے۔ یہاں اس کی تقدیم سے یہ غرض ہے کہ اس مقدس فرض کی قدر و منزلت ظاہر کیجائے اور بتلا دیا جائے کہ یہ فرض ایمان کا محافظ ہے۔ اسکے بعد قرآن مجید اُن

دعوت اسلام

چونکہ اسوقت دنیا کی تمام قوموں کو بالعموم اصلاح اور ریفارم کی ضرورت تھی اسلئے حضرت خاتم النبیین کی رسالت کو بھی خدا نے کسی قوم یا کسی ملک کے لئے مخصوص نہیں کیا۔ بلکہ انکی رسالت کو تمام قوموں اور تمام ملکوں اور تمام موجودہ اور آیندہ نسلوں کے لئے عام کر دیا۔ لیکن اسباب کو دیکھکر تاریخ انسان پر غور کرنیوالوں کی عقلوں کو نہایت حیرانی اور پریشانی پیش آتی ہے کہ مذہب اسلام تیس برس سے کم عرصہ میں عرب کی تمام قوموں میں پھیل گیا اور ایک صدی سے کم میں محیط مغربی سے لیکر دیوار چین تک تمام ملکوں اور قوموں میں شائع ہو گیا۔ یہ ایک ایسی بات ہے جو مذاہب کی تاریخ میں نہیں ملسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر مورخوں نے اس بات کا سبب بیان کرنے میں غلطی کی ہے۔

اس مذہب نے جب اپنی دعوت شروع کی تو اور مذاہب کی طرح اسکو بھی طرح طرح کی صعوبتیں اور مشکلات پیش آئیں، اسکی دعوت کرنے والے کو بیشمار ایذائیں اور تکلیفیں پہنچائی گئیں اور ایسی دشواریاں پیش آئیں کہ اگر خدا کی عنایت شامل حال نہوتی تو انکا حل ہونا نہایت مشکل تھا۔ جن لوگوں نے اس مذہب کی دعوت کو قبول کرلیا تھا انکو بھی طرح طرح کی

لوگوں میں جمعیت اور اطمینان کی کیفیت پیدا ہو گئی - امراض تمدن کے واسطے اس سے بہتر اور کیا دوا ہو سکتی ہے - یہ خدا کا فضل اور اُس کی مہربانی ہے وہ جسکو چاہتا ہے عطا کرتا ہے -

مذہب اسلام نے شراب اور قمار بازی اور سود کو حرام کر کے شر اور فساد کے سرچشموں کو بند کر دیا جو عقل اور دولت کے لیئے تباہی اور بربادی کا باعث تھے -

مذہب اسلام نے عرب کے وحشیوں میں جو جھگڑنے اور لوٹ مار کے سوا کچھ نہ جانتے تھے ایسا اتحاد و اتفاق پیدا کر دیا جس کی نظیر اُن کی گذشتہ تاریخ میں نہیں ملسکتی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خدا کے حکم کے موافق روم اور فارس کے بادشاہونکو جو ملک عرب کے آس پاس تھے اپنے مذہب کی طرف دعوت کی اور ہدایت کی طرف بلایا۔ مگر اُنہوں نے انکار کیا بلکہ اس دعوت کی ہنسی اڑائی۔ اور جہانتک اُنسے ہوسکا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی جماعت کے ساتھ دشمنی اور عداوت کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا۔ اُنکے لئے تمام راستے خطرناک کردئے اور تمام تجارتی منڈیوں میں اُن کی آمدورفت بند کر دی۔ اسلئے اپنی حفاظت اور تبلیغ دعوت کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی طرف فوجیں روانہ کیں اور یہی طریقہ آپ کے صحابیوں اور جانشینوں نے اختیار کیا ان لوگوں نے حق اور راستبازی کو اپنے دونوں ہاتوں میں اٹھا کر روم اور فارس پر حملہ کیا۔ باوجودیکہ مسلمان نہایت ضعیف اور فقر و فاقہ کی حالت میں تھے اور اُنکے حریف قوت اور شوکت، دولت و ثروت، تعداد اور سامان جنگ کے لحاظ سے ہزار درجے بڑھے ہوئے تھے مگر تاہم اُنکو وہ فتوحات اور کامیابیاں حاصل ہوئیں جو تمام قوموں کی تاریخ میں مشہور و معروف ہیں ان لڑائیوں میں مسلمانوںکا ہمیشہ یہ اصول رہا ہے کہ جب لڑائی کا خاتمہ اُن کی فتح پر ہوتا تو مغلوبوں اور

تکلیفیں دی گئیں، وہ رزق سے محروم کئے گئے، وطن سے نکالے گئے، بہت سے لوگوں کے خون بہائے گئے۔ مگر یہ خون اولوالعزمیوں کے سرچشمے تھے جو صبر کی چٹانوں سے نکلے تھے اور جن کو دیکھکر اہل یقین کے دلوں میں رعب طاری ہوتا تھا۔

تمام مختلف مذہبی گروہوں نے جو جزیرہ نمائے عرب اور اُسکے قرب وجوار میں رہتے تھے اس بات پر اتفاق کر لیا کہ مذہب اسلام کے کمزور پودے کو جس کی جڑیں ابھی مستحکم نہیں ہوئیں اُکھاڑ کر پھینک دیں، اور اُسکی دعوت کو موقوف کرکے اسکا نام دنیا سے نیست ونابود کردیں۔ مگر وہ باوجود اپنی کمزوری کے اپنی حیثیت اور استطاعت کے موافق مدافعت کرتا رہا اور اُنکے سخت حملوں سے اپنی جان کو بچاتا رہا۔ نہ کوئی حمایت کرنیوالا تھا نہ کوئی مددگار، مگر چونکہ وہ مذہب بالکل حق اور سراسر ہدایت تھا اسلئے وہ کامیاب ہوا اور عزت وقوت حاصل کی۔ اُسوقت مختلف مذہبی قوتوں نے جزیرہ عرب کو پامال کر رکھا تھا، وہ اپنے مذہب کی دعوت اور اُس کی اشاعت کرتے تھے۔ ان فرقوں کے حاکم یا بادشاہ صاحب عزت اور صاحب شوکت تھے اور مذہبی عقائد کے تسلیم کرنے پر لوگوں کو مجبور کرتے تھے مگر تاہم اُن کی یہ جابرانہ کوششیں بالکل ناکام رہیں اور اُنکو کسی قسم کی فلاح اور بہبودی نصیب نہ ہوئی۔

میں کسقدر فضیلت لکھی ہے حالانکہ یورپ کے لوگ اسکو نہایت پست ہیمتی اور بودا پن خیال کرتے ہیں۔ اسلام نے اُن تمام محصولوں اور ٹیکسوں کو اٹھا دیا جو پہلے جابر بادشاہوں اور ظالم حاکموں نے رعایا پر لگا رکھے تھے نا انصاف غاصبوں سے چھینکر حقداروں کو اُنکا حق دلایا و اپنی حقوق کے مطالبہ میں مسلمان اور غیر مسلمان کو یکساں طور پر آزادی عطا کی۔ کچھ زمانہ کے بعد مسلمانوں میں یہ رواج ہوگیا تھا کہ جب کوئی اسلام میں داخل ہونا چاہے اُسکے لئے ضرور تھا کہ محکمہ شرعی میں قاضی کے پاس حاضر ہو کر اقرار کرے کہ وہ بلا اکراہ و اجبار مسلمان ہوتا ہے، حتیٰ کہ بعض خلفاء بنی امیہ کے عہد حکومت میں یہانتک نوبت پہونچگئی تھی کہ سلطنت کے عمال لوگونکے اسلام میں داخل ہونیکو مکروہ سمجھنے لگے تھے۔ کیونکہ جسقدر زیادہ لوگ مسلمان ہوتے تھے اُسیقدر جزیہ کی رقم گھٹتی جاتی تھی۔ اسلئے یہ مسلمان عمال اسلام کے شیوع میں سد راہ تھے۔ ہر زمانہ میں مسلمان بادشاہوں اور خلیفوں نے اپنی سلطنت کے بڑے بڑے عہدے اور معزز منصب صرف مسلمانوں کے ہی لئے مخصوص نہیں کئے بلکہ اہل کتاب وغیرہ دوسرے مذاہب کے قابل اور کارگذار اشخاص کو بھی مرحمت کئے، حتیٰ کہ ان میں سے ایک شخص اُندلس کی اسلامی فوج کا کمانڈر انچیف ہوا ہے۔ غرض کہ اسلامی شہروں اور ملکوں کی نسبت مذہبی آزادی کی اسقدر شہرت ہوگئی تھی کہ بیشمار یہودی

زیردستوں پر رحم کرتے اور نہایت مہربانی اور نرمی سے اُنکے ساتھ پیش آتے اور اُن کو اجازت دیتے کہ وہ اپنے اپنے مذہب پر ثابت قدم رہیں اور اپنے مذہبی فرائض کو نہایت اطمینان کے ساتھ بلا روک ٹوک ادا کرتے رہیں۔ اُنکی جان و مال کی ایسی ہی حفاظت کرتے جیسی کہ وہ اپنی کرسکتے تھے اور اسکے معاوضہ میں صرف ایک خفیف سی رقم اُن سے لے لی جاتی تھی۔ اُسوقت مسلمانوں کے سوا اور بادشاہونکا یہ دستور تھا کہ وہ جب کوئی ملک فتح کرتے تھے تو فتحمند لشکر کے پیچھے پیچھے مذہبی دعوت کرنیوالونکا بھی ایک لشکر روانہ کرتے تھے جو لوگونپر طرح طرح کے جبر و تشدد کرکے اپنے اُس مذہب کی طرف بلاتے تھے جس کی صحت کی دلیل قوت اور غلبہ کے سوا اُنکے پاس کچھ نہ ہوتی تھی۔ فتوحات اسلام کی تاریخ میں یہ بات کوئی نہیں بتلا سکتا کہ مذہبی دعوت کرنے کے لئے کسی مسلمان فاتح کے ساتھ کوئی خاص جماعت تھی جسکا کام صرف مذہب کی اشاعت اور اپنے عقائد کا پھیلانا ہوتا تھا۔ بلکہ اُن میں اسلام کی اشاعت کا صرف یہی طریقہ تھا کہ وہ دوسری قوموں سے ملتے اور اُنکے ساتھ نہایت صفائی اور سچائی اور ایمانداری کے ساتھ معاملہ کرتے تھے اور لوگ اُنکی راستبازی اور اخلاقی خوبیوں کے گرویدہ ہوجاتے تھے۔ تمام دنیا جانتی ہے کہ مغلوبوں اور زیردستوں کے ساتھ سہولت اور نرمی سے معاملہ کرنے کی اسلام

کی نسبت انبیائے علیہم السلام نے اپنی قوموں کو بشارت دی تھی اسلئے اُن میں سے جو لوگ منصف مزاج اور تعصب اور ہٹ دھرمی سے پاک تھے اُنہوں نے دشمنی اور عناد کو ترک کر کے نہایت خوشی کے ساتھ اُسکو قبول کر لیا۔ اور اُنکا اور اُن کی قوم کا آبائی مذہب اور عقیدہ تھا اُسکو چھوڑ دیا۔ اس سے اُنکے مقلدونکے دلوں میں اپنے عقائد کی نسبت شک پیدا ہو گیا جس سے اُنہوں نے مذہب اسلام کے عقائد میں غور کرنا شروع کیا۔ اُنکو معلوم ہوا کہ وہ سراسر خدا کی رحمت اور مہربانی اور اُسکی نعمت ہے۔ اُسکے تمام عقیدے ایسے صاف اور سیدھے سادے ہیں کہ اُنکو عقل آسانی کے ساتھ قبول کر سکتی ہے۔ اُس کے اعمال اور احکام ایسے دشوار اور سخت نہیں جن کی برداشت کرنے سے انسانی طبیعتیں عاجز ہوں۔ اُنہوں نے دیکھا کہ اسلام عالم سفلی سے نکال کر عالم ملکوت کی طرف لیجاتا ہے اور باوجود اسکے وہ پاکیزہ چیزونکے استعمال کی ممانعت نہیں کرتا۔ نہ ایسی عبادتیں فرض کرتا ہے جنکا بجالانا انسانی طبیعتوں پر شاق اور دشوار ہو۔ کھانے پینے اور کپڑا پہننے اور بدن کے اور حقوق ادا کرنے میں بھی وہ خدا کی رضامندی اور اُسکے ثواب کا وعدہ کرتا ہے، بشرطیکہ نیت پاک اور سچی ہو۔ اگر ہوا و ہوس کے غلبہ سے کوئی نافرمانی یا گناہ ہو جائے تو خدا کی مغفرت اُسکو محو کر سکتی ہے، بشرطیکہ سچے دل سے توبہ کیجائے۔ جب اُنہوں نے قرآن کو پڑھا اور اُسکے ماننے والوں کی پاکیزہ سیرتوں کو دیکھا

یورپ کو چھوڑ کر اندلس وغیرہ اسلامی ملکوں میں چلے آئے۔

مسلمانوں نے جسقدر ملک اپنی تلوار سے فتح کئے اُنپر کسی قسم کی سختی اور درشتی نہیں کی بلکہ آسمانی کتاب اور خدا کی شریعت اُنکے سامنے پیش کر دی اور اُنکو اختیار دیا کہ وہ اسکو قبول کریں یا نہ کریں نہ اُنکے سامنے مذہب کی مناہی کی اور نہ اُس کی اشاعت میں کسی قسم کی قوت کا استعمال کیا۔ جزیہ کی رقم بہت خفیف لگائی جسکا ادا کرنا کسی شخص پر بھی دشوار اور ناگوار نہیں ہو سکتا۔ پس وہ کونسی بات تھی جسنے مختلف مذاہب والونکو اسلام کی طرف مائل کیا اور انکو یقین دلا دیا کہ یہی مذہب حق اور خدا کی مرضی کے مطابق ہے اور اُنکے آبائی مذہب بالکل جھوٹے ہیں اور اُنکو چھوڑ کر جوق جوق اسلام میں داخل ہونے لگے اور دین کی خدمت میں ایسی کوششیں اور جانفشانیاں کیں جو خود عربوں نے بھی نہ کی تھیں۔

جزیرہ نمائے عرب میں جسوقت اسلام کی روشنی نمودار ہوئی اُسوقت وہاں شرک اور بت پرستی کی تاریکی چھائی ہوئی تھی اسلام نے اُسکو دور کیا اور انکو تمام بداخلاقیوں اور بداعمالیوں سے پاک صاف کر کے سیدھے رستے پر لگا دیا۔ اسلئے قدیم آسمانی کتابوں کے پڑھنے والوں اور ربانی شریعتوں کے سمجھنے والونکو محقق طور پر ثابت ہو گیا کہ یہ خدا کا وعدہ ہے جو اُسنے اپنے پیغمبرو ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام سے کیا تھا اور یہ مذہب وہی مذہب ہے جس

کرے اور وہ دونوں فیصلہ کرنیوالے کے روبرو ایک حالت میں کھڑے کئے جائیں۔ اسلام کی یہی خوبیاں تہیں جنکو دیکھکر اُسکے دشمن بہی گرویدہ ہوگئے اور عداوت کو چھوڑ کر اُسی کے حامی اور مددگار بنگئے۔

جس زمانہ میں مسلمانوں پر اسلامی روح غالب تہی وہ اپنے غیر مذہب والے ہمسایوں کے ساتہہ نہایت شفقت اور مہربانی سے پیش آتے تہے۔ وہ کسی کے ساتھ عداوت اور مخالفت نہ کرتے تہے مگر جبکہ اُسکا آغاز ہمسایہ کی طرف سے ہو۔ اور جب مخالفت کے اسباب رفع ہوجاتے تو پہر وہ بدستور نرمی اور محبت کے ساتہہ معاملہ کرتے تہے۔ اور باوجود اسکے کہ اسلام کیطرف سے مسلمانوں نے غفلت کی اور دانستہ و نادانستہ اُسکی بربادی میں کوشش کرنے لگے مگر تاہم اُسکی ترقی اور کامیابی کی رفتار خاصکر چین اور افریقہ میں برابر جاری رہی اور کوئی زمانہ ایسا نہیں گذرا جس میں مختلف مذہبوں کی بڑی بڑی جماعتیں اپنے خیالات اور عقائد سے تائب ہوکر اسلام میں داخل نہوئی ہوں۔ نہ کوئی انکے سامنے مذہب اسلام کی دعوت کرنیوالا ہے اور نہ انکی گردن پر کوئی تلوار رکہنے والا۔ جب کہ یہ لوگ صرف اسکی خوبیاں دیکہکر مسلمان ہوتے ہیں تو اس سے معلوم ہوا کہ مذہب اسلام کا اس سرعت اور تیزی کے ساتھ ترقی کرنا اور کامیاب ہونا صرف اس وجہ سے تہا کہ وہ آسانی سے سمجھ میں آسکتا ہے اور اُسکے احکام نہایت سہل اور اُس کی شریعت عدل و انصاف کی بنیاد پر قائم

تو اُنپر اس مذہب کی سادگی اور سچائی بالکل ظاہر ہوگئی اور اُنکو معلوم ہوگیا کہ اسکی
عقائد اور مسائل ادنیٰ تامل اور سرسری نظر سے سمجھ میں آسکتے ہیں۔ حالانکہ
ہمارے موجودہ مذاہب کے رموز اور اسرار عقل سے خارج اور فہم سے بالاتر
ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے ناقابل برداشت مذاہب کو چھوڑ چھوڑ کر فوراً اسلام
میں داخل ہونے لگے۔ اسوقت بعض قومیں امتیاز کی مصیبت سے سخت
نالاں تھیں جس سے بعض طبقوں یا خاندانوں کو بغیر کسی حق کے دوسرے
طبقوں اور خاندانوں پر رفعت اور برتری حاصل ہوگئی تھی اور اُن کی خواہشات
اور اغراض کے مقابلہ میں غریبوں اور ادنیٰ درجہ کے لوگوں کے حقوق پامال کئے
جاتے تھے۔ مذہب اسلام نے اس امتیاز کو باطل کرکے جان و مال،
عزت و آبرو، دین مذہب کے احترام کے لحاظ سے تمام طبقوں اور تمام
خاندانوں اور تمام قوموں میں مساوات کردی۔ غریبوں کے حقوق کی یہانتک
حفاظت کی کہ ایک فقیر عورت سے جو مسلمان نہ تھی بڑی سے بڑی قیمت میں
اپنا جھونپڑا فروخت کرنے سے انکار کیا جسکو ایک بڑے علاقہ کا مسلمان (مطلق العنان)
حاکم مسجد میں شامل کرنے کے لئے خریدنا چاہتا تھا۔ اور جب اُس عورت نے
خلیفہ کے دربار میں شکایت کی تو حاکم کو اس حرکت پر سخت ملامت کی گئی۔
عدل و انصاف کے قوانین کو یہانتک مستحکم کیا کہ ایک یہودی کو اسبات کی
جرأت ہوئی کہ امیر المومنین علی ابن ابی طالب جیسے جلیل القدر شخص کے ساتھ مخاصمت

مدافعت اور اپنی حفاظت کی غرض سے تلوار اٹھائی تاکہ دشمن اُن پر ظلم و تعدی نہ کر سکیں۔ اور اُسکے بعد جہاں کہیں فوج کشی ہوئی وہ ملکی ضرورتوں اور پولیٹکل مصلحتوں سے ہوئی۔ یہ بالکل غلط ہے کہ مسلمانوں نے اپنے مذہب کو تلوار کے زور سے پھیلایا ہاں یہ ضرور ہوا کہ مسلمان لوگ غیر ملک والوں کے ہمسایہ ہوئے اور بعض اوقات اُنکو اپنے ملک میں پناہ دی اس ذریعہ سے اُنکو اسلام کے اصول اور عقائد کا علم حاصل ہوا اور وہ اپنی دنیا و آخرت کی بہبودی سمجھکر خوشی اور رضامندی کے ساتھ اسلام میں داخل ہوئے۔

اگر تلوار سے کسی مذہب کی اشاعت ممکن ہوتی تو وہ مذہب دنیا میں سب سے زیادہ کامیاب ہوتا جنہوں نے صدیوں تک تو موں کی گردنوں پر تلوار رکھی اور اُنکو مجبور کیا کہ تلوار کا مذہب قبول کریں اور انکو دھمکایا کہ اگر وہ اس مذہب کو تسلیم نہ کرینگے تو بالکل تباہ و برباد اور سطح زمین سے بالکل مٹا دیے جائینگے۔ یہ مذہبی اشاعت کا جابرانہ کام ظہور اسلام سے تین صدی پہلے شروع ہوا اور ظہور اسلام سے سات صدیوں بعد تک نہایت شد و مد کے ساتھ برابر جاری رہا۔ ان کامل دس صدیوں میں تلوار نے مذہبی عقائد کی جسقدر اشاعت کی وہ ہرگز اُس کی برابر نہیں ہو سکتی جو اسلام نے ایک صدی سے کم عرصہ میں کر کے دکھلادیا۔ اور ہاں صرف تلوار ہی پر اکتفا نہیں کی جاتی تھی بلکہ جسطرف تلوار ایک قدم بڑھتی تھی مذہبی دعوت کرنے والے اُسکے پیچھے پیچھے چلتے تھے اور اُس کی حمایت کے بل پر

کی گئی ہے۔ کیونکہ انسانی طبیعتیں صرف ایسے مذہب کی متلاشی ہیں جو اُن کی مصلحتوں کے مناسب اُنکے قلوب اور حواس سے زیادہ قریب اور دنیا و آخرت کی تسلی دینے والا ہو۔ جو مذہب ایسا ہوگا وہ خود دلوں میں سرایت کر جائیگا اور عقلیں اُسکو بہت جلد قبول کرلینگی۔ اُسکو ایسی دعوت کرنیوالوں کی ضرورت نہوگی جو اُس کی اشاعت میں بیشمار دولت اور قیمتی وقت خرچ کریں اور اُسکی ترقی کے وسائل بہم پہونچائیں اور لوگونکو پھانسنے کے لئے طرح طرح کے جال پھیلائیں۔

ہمارے اس بیان کو جو لوگ نہیں سمجھتے یا سمجھنا نہیں چاہتے ان کا قول ہے کہ "اسلام کی اشاعت اور ترقی جو دنیا بھر میں اس سرعت اور تیزی کے ساتھ ہوئی وہ صرف تلوار کی بدولت ہوئی۔ جب مسلمان فتوحات کے لئے اٹھے اُنکے ایک ہاتھ میں قرآن دوسرے میں تلوار تھی وہ جس ملک کو فتح کرتے تھے قرآن اُنکے سامنے پیش کرتے تھے اگر وہ اُسکو قبول نہ کرتے تو تلوار اُنکی زندگی کا خاتمہ کردیتی تھی"۔ ہمارے نزدیک معترضوں کا یہ قول بالکل بہتان اور سراسر اتہام ہے کیونکہ مسلمانوں نے اپنی مفتوح قوموں کے ساتھ جسقدر فیاضانہ اور آزادانہ برتاؤ کیا ہے جس کی تفصیل ہم اوپر بیان کرچکے ہیں وہ متواتر حدیثوں اور صحیح روایتوں سے ثابت ہوتا ہے جن میں کسی قسم کے شک وشبہہ کی گنجایش نہیں۔ مسلمانوں نے ابتدا میں صرف

پہیلی اُسکا ذریعہ صرف یہی تہا کہ اُنہوں سنے قرآن مجید کو سنا اور اُسکے معنی اور مطالب کو سمجہا۔ مسلمان ایک عرصہ کے بعد اپنے مذہبی طریقہ سے منحرف ہو کر آپس کے لڑائی جہگڑوں اور باہمی خانہ جنگیوں میں مشغول ہو گئے اسلئے اسلام کی ترقی میں سکون پیدا ہو گیا اور قریب تہا کہ وہ تنزل اور انحطاط کی طرف مائل ہو مگر خدا کو اُسکا سرسبز کرنا اور ترقی دینا منظور رہتا اتفاقاً تاتاری فوجوں کا سیلاب جسکا سپہ سالار چنگیز خاں تہا اسلامی ممالک کی طرف بہ آیا اور جس بیدردی سے ساتہ اُنہوں سنے مسلمانوں کے ساتہ برتاؤ کیا اُسکی تفصیل قابل تحریر نہیں۔ یہ لوگ بُت پرست تہے اور صرف قتل و غارت و لوٹ مار کے لئے اسلامی ممالک میں آئے تہے مگر کچہ عرصہ کے بعد اُن کی آیندہ نسلوں میں کچہ لوگ مسلمان ہو گئے اور اُنہوں سنے اپنی قوموں میں اسلام کی اشاعت کی اور وہ اُن میں اپنی معمولی سرعت اور تیزی سے نہایت کامیابی کے ساتہ پہیل گیا۔

یورُپ والوں سنے مشرقی ممالک پر ایک سخت حملہ کیا اور وہ اُن کے تمام ملکوں میں شریک ہو گئے۔ اہل مشرق و مغرب کی یہ لڑائیاں دو سو سال سے زیادہ عرصہ تک جاری رہیں جن کی وجہ سے یورُپ والوں میں مذہبی حمیت اور قومی غیرت پہلے سے زیادہ پیدا ہو گئی۔ جہانتک ہوسکا اُنہوں سنے فوجیں ترتیب دیکر اور سامان جنگ مہیا کر کے اپنی پوری قوت کے ساتہ اسلامی ممالک پر حملہ کیا چونکہ اُن میں مذہبی روح کا بقیہ موجود تہا اسلئے اکثر شہر اُنہوں نے

جو چاہتے تھے کہتے تھے۔

مذہب اسلام کے ظہور اور اسکی ترقی میں خدا کی عجیب و غریب حکمت ہے عرب کے چٹیل میدانوں میں جو تمام دنیا کی نسبت تمدن اور شائستگی سے دور تھے، ایک ابدی حیات کا سرچشمہ نکلا اور بہکر تمام ملک میں پھیل گیا۔ اتحاد و اتفاق پیدا کر کے مذہبی اور قومی زندگی کی روح اُن میں پھونکی۔ اُسکا سیلاب اسقدر بلند ہوا کہ جو ممالک تہذیب اور تمدن، رفعت اور برتری کے لحاظ سے اہل آسمان پر فخر کرتے تھے اُنکو بھی غرق کر دیا۔ اُسکی نرم آواز نے نہایت سخت اور سنگین روحوں کو لرزا دیا اور اُنکی زندگی کے مخفی راز کو ظاہر کر دیا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ "اس کی اشاعت فی الجملہ سختی اور درشتی سے خالی نہ تھی" میں کہتا ہوں کہ یہ ایک قدرتی بات ہے کہ ہمیشہ سے حق اور باطل میں جدال و قتال کا سلسلہ جاری ہے اور جب تک خدا کی مشیت اس کی نسبت کوئی فیصلہ ناطق نہ کرے برابر جاری رہیگا۔ جب کسی قحط زدہ زمین کے زندہ کرنے اور اُس کی پیاس بجھا کر اُسکو سرسبز و شاداب کرنے کے لئے خداوند تعالیٰ ربیع کا سیلاب بھیجتا ہے تو صرف اس بات سے اُس کی قدر و منزلت نہیں گھٹ سکتی کہ اُسکے رستہ میں کوئی ٹیکری حائل ہوگی اور وہ اُسکے اوپر سے گذر گیا یا کوئی عالیشان اور مستحکم مکان اُس کی زد میں آگیا اور اسکو ڈھا دیا۔

جن جن ملکوں میں مسلمان پہونچے وہاں اسلامی نور چمکا اور اسلام کی روشنی

آداب اور خیالات کا ایک قیمتی ذخیرہ جمع کر کے اپنے ملک کو واپس چلے گئے
اسی طرح وہ لوگ بھی جنہوں نے ممالک اندلس میں سفر کیا اور وہاں کے علمائ
وحکما، اور ادبا سے ملکہ علمی و اخلاقی فیض حاصل کیا، اپنے وطن کی طرف لوٹے
تاکہ جو کچھ انہوں نے حاصل کیا ہے اسکا ذائقہ اپنی قوم اور ملک والوں کو چکھائیں
اس زمانہ سے یورپ کے عام خیالات میں بتدریج ترقی شروع ہوئی اور رفتہ رفتہ
علم کی طرف عام رغبت زیادہ ہوتی گئی۔ اُولوالعزم اشخاص کی ہمتیں تقلید کی زنجیروں
کے توڑنے پر مستعد ہوگئیں۔ اور ارادہ کر لیا کہ مذہبی پیشواؤں کی بیجا حکومت
کو جنہوں نے اپنے حقوق کو اعتدال سے بہت آگے بڑھا لیا ہے اور مذہب
میں تحریف کر کے اسکو بدل چکا ہے روک دیا جاوے۔ اسکے بعد تھوڑے ہی عرصہ
میں ایک فرقہ اٹھا جسنے مذہبی اصلاح کا دعوی کیا اور مذہب کو اپنی قدیم سادہ
حالت کی طرف لانا چاہا۔ اس فرقہ نے تغیر و تبدل کر کے اسکو ایسا مذہب
بنا دیا جو اسلام کے قریب قریب تھا بلکہ بعض فرقوں نے تو مذہبی عقائد میں یہاں تک
اصلاح کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے سوا باقی عقائد اسلام
کے ساتھ بالکل متفق ہو گئے۔ غرضکہ اسوقت جو انکا مذہب ہے وہ صرف نام
کے اعتبار سے مختلف ہے باقی طرز عبادت کے اختلاف کے سوا اور کوئی
اختلاف نہیں۔

اسکے بعد یورپ والے اپنے اوہام کی قیود سے آزاد ہونے اور

فتح کر سے لیکن ان لڑائیوں کا انجام اسپر ہوا کہ اہل یورپ کو اپنے مفتوحہ شہر چھوڑکر
اپنے ملک کی طرف واپس جانا پڑا - یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے جسکا جواب
دینا ضروری ہے - وہ یہ ہے کہ اہل یورپ کیوں آئے تھے ؟ اور کیا فائدہ
اُٹھاکر اپنے ملک کو واپس گئے ؟ مغربی ممالک کے مذہبی رئیسوں اور دینی پیشواؤں
نے اپنی قوموں کو بھڑکا کر آمادہ کیا کہ مشرقی ممالک پر حملہ کرکے اُنکو پامال کردیں اور
اُن ملکوں اور شہروں کو تسخیر کرکے اپنے قبضہ میں کرلیں جنکو وہ اپنے اعتقاد
اور خیال کے موافق اپنا حق سمجھتے ہیں - چنانچہ اس مطلب کے لیئے یورپ
کے بہت سے بادشاہ اور بیشمار امیر وزیر اور دولتمند لوگ اور اُنسے نیچے رتبہ کے
بیشمار اشخاص جن کا اندازہ کئی ملین تک کیا جاتا ہے مشرق پر چڑھ آئے اور یہ لوگ
مایوس ہوکر اپنے ملک کو واپس گئے تو ان میں بہت سے اشخاص نے اپنے
ذاتی اور تجارتی فوائد کے لحاظ سے اسلامی ممالک میں سکونت اختیار کرلی -
اور مسلمانوں کے حالات اور خیالات کو دیکھا اُنکو معلوم ہوگیا کہ جن مبالغات اور
تعصبات نے ان کی عقلوں کو حیران اور پریشان کر رکھا ہے وہ بالکل اوہام ہیں
جن کی حقیقت اور اصلیت کچھ بھی نہیں - اُنہوں نے دیکھا مذہبی آزادی کے
ساتھ علوم و فنون صنعت و حرفت کی ترقی ہوسکتی ہے اور معلوم کیا کہ وسعت
علم اور آزادی رائے ایمان کی دشمن نہیں بلکہ اُسکے وسائل اور اُسکے معاون
ہیں - غرضکہ یورپ کے لوگ مسلمانوں کے ساتھ میل جول کرکے اور اس قسم کے

اعتراض اور اسکا جواب

نمبر ۲ - اسلام مختلف قوموں اور مختلف فرقوں کو اتحاد و اتفاق کی طرف دعوت کرتا ہے، اور اختلاف اور تفرقہ کو مٹاتا ہے، اس کی الہامی کتاب میں لکھا ہے " جن لوگوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈالا اور کئی فرقے بن گئے تمکو انکے جھگڑوں سے کچھ سروکار نہیں "، پس کیا وجہ ہے کہ مختلف مذہبوں اور مشربوں کے لحاظ سے اسکے بیشمار فرقے بن گئے - جب کہ اسلام بندہ کے منہ کو زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے خدائے وحدہ لاشریک کی طرف پھیرتا ہے تو کیا وجہ ہے اس بات کی، کہ عام مسلمان اپنی گردنوں کو ایسی چیزوں کے آگے جھکاتے ہیں جو اپنی ذات کے لئے بھی برائی بھلائی نفع نقصان کے مالک نہیں اور اسکو توحید کا ایک رکن خیال کرتے ہیں - اور جب کہ اسلام وہ پہلا دین ہے، جس نے عقل کو خطاب کیا اور کائنات میں غور کرنے کی طرف اسکو رغبت دلائی - اور اس خاص امر میں جہانتک اسکی طاقت ہے اسکو بالکل آزاد اور مطلق العنان کر دیا، اور ایمان کی حفاظت کے سوا اس بارہ میں اور کوئی شرط نہیں لگائی - پس اس بات کی کیا وجہ ہے کہ اکثر مسلمان علم سے ناراض ہیں، اور خیال کرتے ہیں کہ خدا جہالت کو پسند کرتا ہے،

اپنے حالات کو درست کرنے لگے - حتیٰ کہ اُنکے تمام دنیوی کاروبار اسلامی ہدایات کے موافق ٹھیک ہو گئے - اور موجودہ تمدن کے اصول مقرر ہوئے جو متاخر نسلوں کے لیئے مابہ الافتخار ہیں اور مایۂ ناز ہیں - مگر اُنکو یہ خبر نہ تھی کہ یہ باتیں کس کی رہنمائی سے حاصل ہوئی ہیں - یہ ایک قطرہ ہے جو اسلام کے باران رحمت سے ایک قابل زمین پر پڑا اور اُسکو سرسبز و شاداب کر دیا - یہ لوگ مسلمانوں کو تباہ و برباد کرنے آئے تھے اور اسلیئے اپنے ملک کو واپس گئے تاکہ اپنی قوم اور ملک کو فائدہ پہونچائیں - مذہبی پیشواؤں نے خیال کیا تھا کہ ان لوگوں کے اُبھارنے اور بھڑکانے میں ہماری حکومت کو استحکام ہوگا مگر اُس میں ضعف پیدا ہو گیا - اسلام کی نسبت جو کچھ ہمنے بیان کیا ہے اُسکو وہ تمام اشخاص جانتے ہیں جنھوں نے اُسکے حالات میں غور کیا ہے - یورپ کے اکثر منصف مزاج فاضلوں نے اقرار کیا ہے کہ "اسلام یورپ کا سب سے بڑا اُستاد ہے اور اسوقت یورپ کو جو کچھ ترقی اور شائستگی حاصل ہے وہ سب اسلام کی بدولت ہے" -

ہیں، تو کیا وجہ ہے کہ مسلمانوں میں دغابازی جھوٹ مکاری وبہتان کی کثرت ہے۔ جبکہ اسلام فریب بازی اور دہوکہ دینے کو حرام بتاتا ہے، اور اسکے ارتکاب کرنیوالونکو اپنے زمرہ میں سے خارج کر دینے کی وعید سناتا ہے، پس کیا وجہ ہے کہ مسلمان لوگ معمولی دہوکے بازیوں اور حیلہ سازیوں سے خدا اور رسول اور شریعت کے ساتھ دہوکا کرتے ہیں۔ جبکہ اسلام نے ظاہری اور باطنی بدکاریونکو حرام کیا ہے، تو کیا وجہ ہے کہ مسلمان ہر قسم کی بدکاریوں میں منہمک اور مستغرق ہیں۔ جبکہ اسلام نے صاف طور سے بتادیا ہے کہ مذہب خدا اور رسول کی اطاعت اور فرمانبرداری اور عام مسلمانوں کی خیر خواہی کا نام ہے، اور اُنکو جتادیا ہے کہ اگر وہ ایسا نہ کرینگے تو اُنپر اشرار کو مسلط کیا جاویگا۔ پس کیا وجہ ہے کہ وہ نہ آپس میں ایک دوسرے کی خیر خواہی کرتے اور نہ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، بلکہ وہ سب متفرق اور منتشر ہیں اور ہر شخص اپنی حالت میں گرفتار ہے دوسروں کی اسکو کچھ خبر نہیں۔ کیا سبب ہے کہ بیٹے بیدردی سے ساتھ اپنے باپوں کو قتل کرتے ہیں اور لڑکیاں اپنی ماؤں کی نافرمانی کرتی ہیں، نہ چھوٹے بڑونکا ادب کرتے ہیں اور نہ بڑے چھوٹونپر رحم اور شفقت کرتے ہیں۔ دولتمندوں کے مال میں فقیروں اور مسکینوں کا جو حق ہے اور جسکو خدا نے اُنپر فرض کیا ہے اسکے ادا کرنے میں پہلوتہی کرتے ہیں، بلکہ جو کچھ قوت لایموت غریبونکے پاس ہوتا ہے اُسکو بھی چھیننے لگتے ہیں۔

اور خدا کی مخلوقات اور صنعت کی باریکیوں میں بالکل غور نہیں کرتے۔ اس سے
پیشتر مسلمان لوگ الفت اور محبت کے امام و پیشوا تھے، مگر آج اس لفظ کا
مصداق اُنکے خواب و خیال میں بھی نہیں۔ وہ سعی اور محنت کے پیشوا تھے
مگر آج سستی اور کاہلی میں ضرب المثل ہیں یہ کس قسم کے عقائد ہیں جنکو مسلمانوں
نے اپنے مذہب میں شامل کر دیا ہے۔ حالانکہ الہامی کتاب اُنکے ہاتھ میں ہے
جو مذہب کے اصلی اصول اور تراشی ہوئی بدعتوں کو بالکل الگ کر دیتی ہیں۔
جب کہ اسلام قرآن کے معنی اور مطالب کے غور کرنے کی ہدایت کرتا ہے
پس کیا وجہ ہے اس بات کی، کہ اکثر قرآن کے پڑھنے والے مسلمان اُسکو
راگ اور راگنیوں کی طرح گاتے ہیں اور لفظوں کے سوا خاک نہیں سمجھتے۔
حتی کہ اکثر مذہب کے عالم بھی کما حقہ اور یقینی طور پر نہیں سمجھتے۔ جب کہ اسلام
عقل اور ارادہ کو استقلال اور آزادی عطا کرتا ہے پس کیا وجہ ہے کہ مسلمان
اُسکو طوق اور زنجیر میں جکڑے ہوئے ہیں۔ جب کہ اسلام نے عدل و
انصاف کی بنیاد ڈالی ہے، تو کیا سبب ہے کہ اکثر مسلمان حاکم
ظلم و ستم میں ضرب المثل ہیں۔ جبکہ اسلام غلاموں کے آزاد کرنے کی ہدایت
کرتا ہے، تو کیا سبب ہے کہ اسلامی حاکموں اور بادشاہوں نے آزاد
لوگوں کے غلام بنانے کا سلسلہ صدیوں تک برابر جاری رکھا۔ جبکہ راستبازی
وفاداری اور وعدہ کا پورا کرنا اسلام کے ارکان میں سے گنے جاتے

مگر جسکے دل میں مذہب کی کچھ وقعت ہے، اور اسکے اصول و عقائد کو تسلیم کرتا، اور اُن کی پیروی کرتا ہے، وہ عقل کو جنون اور علم کو محض خیال سمجھتا ہے کیا یہ اسبات کی دلیل نہیں ہے کہ مذہب اسلام اور عقل کے ساتھ متفق نہیں ہوسکتا۔

اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ آجکل کیا بلکہ چند صدیوں سے مسلمانوں کی جیسی کچھ نازک حالت ہورہی ہے اسکے بیان کرنے میں معترض نے کسی قسم کا مبالغہ نہیں کیا۔ امام غزالی اور ابن الحاج وغیرہ نے جو مذہبی امور میں بصیرت رکھتے تھے، اپنے زمانہ کے عام و خاص مسلمانوں کی کیفیت بیان کی ہے جس سے بیشمار ضخیم کتابیں بھری پڑی ہیں۔ لیکن میں نے جو کچھ مذہب اسلام کی نسبت بیان کیا ہے۔ صرف قرآن مجید کے پڑھنے اور اسکے معانی و مطالب سمجھنے سے اُسکو ضرور تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ اور جسقدر میں نے اُسکے عمدہ نتائج ذکر کئے ہیں، محققین اسلام اور دوسری قوموں کے باانصاف مورخوں کی کتابیں دیکھنے سے اُنکا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ اور فی الحقیقت یہی اسلام ہے، اور اسی کی نسبت ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ وہ بالکل عقل اور سراسر ہدایت ہے۔ جو شخص عمدگی کے ساتھ اُسکا استعمال کریگا، اور اُسکے احکام کی تعمیل اور اُسکی ہدایتوں پر عمل کریگا، وہ بالضرور دینی اور دنیوی سعادت حاصل کریگا، جیسا کہ خداوند تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔ امراض

ہمارا خیال ہے کہ اسلام کی پوری روشنی اور اسکا منور آفتاب مشرق میں ہے مگر اس کی ایک کرن مغرب (یورپ) میں پہونچی اور اسکو روشن کر دیا۔ حالانکہ تمام اہل مشرق جہالت کی تاریکیوں میں سرگرداں پھر رہے ہیں۔ ایسی حالت میں کسطرح عقل اس قول کو صحیح تسلیم کر سکتی ہے یا کوئی نقلی دلیل اس کی تائید کر سکتی ہے۔ غالباً تمکو معلوم ہوگا کہ جن لوگوں نے علم کا کچھ بھی ذائقہ چکھا ہے، سب سے پہلے اُنکے خیالات اس طرف مائل ہوئے ہیں، کہ اس مذہب (اسلام) کے اصول اور عقائد بالکل خرافات ہیں۔ اور اسکے مسائل اور احکام بالکل بیہودہ اور لغو ہیں۔ بلکہ نہایت جوش اور مزہ کے ساتھ اس مذہب کی اصول و عقائد پر طعن و استہزا کرتے ہیں، اور اُن لوگوں کے ساتھ مشابہت پیدا کرتے ہیں جو مذہب کے دائرے سے نکلکر بالکل آزاد ہوگئے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے کہ جو لوگ اسلام کی صرف مذہبی کتابوں کی ورق گردانی میں مشغول ہیں، اور اپنے آپ کو اس مذہب کا بڑا عالم سمجھتے ہیں، وہ عقلی علوم اور نظری مسائل کو حقارت کی نظر سے دیکھتے، اور اُنپر عمل کرنا دینی و دنیوی لحاظ سے بالکل عبث خیال کرتے ہیں بلکہ اکثر لوگ اپنے ان علوم سے جاہل رہنے پر فخر ظاہر کرتے ہیں مگر مسلمانوں میں سے جو شخص علم کے دروازے پر پہونچ گیا ہے، اسکو اپنا مذہب بوسیدہ کپڑے کی مانند معلوم ہوتا ہے جسکو وہ لوگوں کے سامنے ظاہر کرتا ہوا شرماتا ہے۔

[illegible] کے معالجہ میں ایک عرصہ تک اس دوا کا تجربہ ہو چکا ہے اور اُس کی کامیابی اس [illegible] کے ساتھ ظاہر ہو چکی ہے جسکا کوئی اندھا اور بہرا بھی انکار نہیں کر سکتا - زیادہ سے زیادہ اس اعتراض کے جواب میں جو کہا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ ایک طبیب نے کسی مریض کو ایک دوا دی جس سے وہ بالکل تندرست ہو گیا، مگر طبیب اُسی مرض میں مبتلا ہو گیا، وہ بیماری کی تکلیف اُٹھا رہا ہے اور باوجودیکہ وہی دوا اُس کے پاس موجود ہے مگر اُسکو استعمال نہیں کرتا - جو لوگ اُسکی عیادت کرتے ہیں یا اُس کی مصیبت پر خوش ہوتے ہیں، وہ اُس دوا کو استعمال کرتے ہیں اور صحت پاتے ہیں مگر وہ اپنی زندگی سے مایوس ہو کر موت کا انتظار کر رہا ہے -

فہرست کتب موجودہ مطبع احمدی علیگڈھ

مطبع احمدی میں مندرجہ ذیل کتابیں نیز عربی اور اردو فارسی قسم کی کتابیں فروخت کیلئے موجود ہیں شائقین ترسیل قیمت یا بذریعہ ویلو پی ایبل طلب فرمائیں انکے علاوہ مصر و بیروت کی چھپی ہوئی ہر علم و فن کی عربی کتابیں ہماری معرفت طلب کیجاسکتی ہیں بشرطیکہ نقد قیمت ارسال کیجاوے۔

المشتہر۔ سعید احمد مہتمم مطبع احمدی علیگڈھ

الاخلاق المحمدیہ۔ اس کتاب میں تمام اسلامی اخلاق و آداب طریق و معاشرت و حقوق باہمی کی نسبت جدا جدا عنوان قائم کرکے اول قرآن مجید کی آیتیں لکھی گئی ہیں اور اسکے بعد صحیح حدیثیں مستند کتابوں سے انتخاب کرکے معہ عام فہم ترجمہ اردو لکھی گئی ہیں اسکے دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کیسے تھے اور ہر ایک مسلمان کو کس قسم کے اخلاق اور اطوار رکھنے چاہئیں۔ یہ کتاب حقیقت میں کتب درسیہ میں شامل ہونیکے قابل ہے اور ہر مسلمان کو چاہئے کہ اسکو ہمیشہ زیر مطالعہ رکھے تاکہ اسلامی معاشرت اور اخلاق سے واقفیت ہو اس کتاب کے چار حصے ہیں دو حصے طبع ہوگئے ہیں حصہ اول ۱۰/ حصہ دوم - - - - - - - - (۱۰/)

عربی کتب

ابن رشد و فلسفہ۔ اس ضخیم کتاب میں فیلسوف اسلام ابو الولید بن رشد کے تاریخانہ حالات عربوں اور اہل یورپ کی مستند اور معتبر تواریخ سے انتخاب کرکے درج کئے گئے ہیں اور اسکے فلسفہ پر نہایت محققانہ اور بسیط ریویو کیا گیا ہے اور اسکی تمام تصنیفات کی مفصل فہرست دیگئی ہے اور یہ کہ وہ دنیا کے کن کن کتب خانوں میں موجود ہیں یہ کتاب ہر ایک دینی علم کے مطالعہ کے قابل ہے قیمت . . . . سے/

فریسۃ الاسد۔ یہ ایک نہایت دلچسپ ناول ہے جو فرانسیسی زبان سے عربی میں ترجمہ ہوا ہے اسکے مطالعہ سے انقلاب فرانس کے اصلی واقعات منکشف ہوجاتے ہیں . . . . . . صہ/

نظم حالی و نظیر قیمت ۲/

حیات سر سید مختصر سوانح عمری انریبل سر سید احمد خان مرحوم بانی مدرسۃ العلوم علیگڈھ۔ ۲/

ارکان اسلام۔ ۱/

آغاز اسلام۔ سوانح عمری حضرت رسول کریم ۴/ کتب مصنفہ خان بہادر شمس العلماء مولوی محمد ذکاء اللہ۔

تاریخ مسلمانان کامل۔ مصنفہ مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب جسکے ۱۱۲۰ صفحے ہیں مسلمانان ہندوستان کے اس سے زیادہ مفصل و جامع تاریخ آجتک نہیں لکھی گئی عـہ

اکسیر دولت۔ قوموں کی دولت کے گھٹنے بڑہنے کے اصول ۸/

کیمیائے دولت۔ قوموں کی دولت گھٹنے بڑہنے کے اصول ۸/

نساء المسلمین۔ یہ کتاب فاطمہ خانم ایک کی خاتون کی تصنیف ہے اسمیں اُن تمام امور پر جو اس زمانہ میں مسلمان عورتوں کی نسبت زیر بحث ہیں مثل پردہ کثرت ازدواج طریق شادی حقوق و لباس زنان اسلام کے نہایت خوبی سے دلکش پیرایہ میں بحث کی گئی ہے یہ کتاب زنانہ تعلیم کے کورس میں داخل ہونیکے قابل ہے۔ ہندوستان میں چونکہ یہ مباحث آج کل زیر بحث ہیں اسلئے اس کتاب کا ترجمہ اور دیگر جدید معلومات کی روشنی ڈالیگا۔ قیمت ۱۲/